توضیحی فہرست

مخطوطاتِ کُتب خانۂ ہمدرد

جلد اوّل

طبّی علوم



توضیحی فہرست

مخطوطات کتب خانۂ ہمدرد

جلد اوّل

طبّی علوم

مرتبہ

فضلُ اللہ فاروقی ندوی

ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، کراچی

نام کتاب :	توضیحی فہرست مخطوطات کتب خانہ ہمدرد
	جلد اوّل : طبّی علوم
مرتب :	فضل اللہ فاروقی ندوی
ناشر :	ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، کراچی ۱۸
طابع :	نوید پرنٹنگ پریس، ناظم آباد۔ ۲، کراچی ۱۸
کتابت :	مظفر گجراتی
پہلا ایڈیشن :	۱۹۸۱ء - ایک ہزار
قیمت :	۳۰/- روپے

ترتیب

پیش لفظ

حکیم محمد سعید

کتب خانۂ ہمدرد اپنی وسعت، تنوّع اور قیمتی مطبوعات و مخطوطات کی وجہ سے اب بین الاقوامی شہرت کا حامل ہے۔ پاکستان اور بیرونِ پاکستان کے اہلِ علم حضرات اس میں دل چسپی لیتے اور اس کے ذخیرۂ علمی سے استفادہ کرتے رہتے ہیں۔

اربابِ علم و دانش کو اس کتب خانے کے مشمولات سے متعارف کرانے کی غرض سے کتب خانے میں موجود رسائل و جرائد اور اخباری تراشوں کے عنوانات کی ایک مفصّل فہرست شائع کی جا چکی ہے جسے علمی حلقوں میں خاصی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ کتب خانے کے متعدّد علمی، فنّی اور ادبی مخطوطات کی توضیحی فہرستوں پر کام ہو رہا ہے۔ پیشِ نظر فہرست اس سلسلے کی پہلی جلد ہے جو صرف طبّی مخطوطات پر مشتمل ہے۔ دوسری جلدوں کی اشاعت بھی ہمارے پروگرام میں شامل ہے۔ اسی قسم کی ایک اور کوشش کتب خانہ میں موجود اردو رسائل کے خاص نمبروں کی مفصّل فہرست کی تیاری ہے۔ یہ تمام کام کتب خانے کے لائق کارکنان سرانجام دے رہے ہیں۔

پیشِ نظر فہرست جناب فضل اللہ فاروقی ندوی کی سعی کا نتیجہ ہے جو مخطوطات میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کا شکر گزار ہوں۔ اس کتاب کی تیاری میں جناب حکیم نعیم الدین زبیری نے رہنمائی فرمائی ہے اور ترتیب و اشاعت میں جناب مسعود احمد برکاتی اور جناب احمد خاں خلیل نے تعاون و اشتراک کیا ہے۔ ان سب کی خدمات شکریے کی مستحق ہیں۔

میں امید کرتا ہوں کہ ہمدرد کی یہ مخلصانہ کوششیں پاکستان میں علم کی ترویج و توسیع میں ممد و معاون ثابت ہوں گی اور اہلِ علم کو کتب خانۂ ہمدرد سے استفادے میں سہولت ہو گی۔

دیباچہ

فضل اللہ فاروقی ندوی

مسلمانوں نے عالمی تہذیب وتمدن کی ہزار سال تک قیادت کی ہے۔ یہ منصب انھیں علوم و فنون میں تحقیقی اور اجتہادی ذوق کی بِنا پر حاصل ہوا۔ دینی علوم کے ساتھ ساتھ طبیعیات، فلکیات، ریاضیات اور نباتات جیسے علوم کا ارتقا بھی ہوتا رہا۔ تاہم طب اُن کی تحقیقی کاوشوں کا سب سے اہم میدان رہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس میدان میں ان کی ایجادات واختراعات نے ساری دُنیا کو متحیّر کر دیا اور اُن کے چھوڑے ہوئے نقوش آج بھی نشانِ راہ کا کام دے رہے ہیں۔

علمائے اسلام کا ایک خاص وصف اُن کی جامعیت تھی۔ انھوں نے علم وفن کے کسی ایک گوشے پر کبھی قناعت نہیں کی۔ وہ نت نئے موضوعات اور نئے میدانوں کی تلاش وجستجو میں سرگرم رہے اور سارے علوم سے یکساں طور پر انھیں شغف واشتغال رہا۔ اسلامی عہد میں کسی کو مورّخ، محدّث یا مفسّر کہنے کے یہ معنی نہیں تھے کہ وہ فلسفیانہ اور عقلی علوم سے ناآشنا ہے۔ ان میں سے ہر عالم خواہ اس کی شہرت صرف دینی علوم میں مہارت کی بِنا پر ہی کیوں نہ ہوتی اپنے موضوعات کی تحقیق میں علومِ عقلیہ کے سارے وسائل سے کام لیتا تھا۔ فقہی مسائل کے اجتہادات میں طبّی مسلّمات بھی سامنے رکھتا اور پھر ان علوم سے یہ واقفیت محض بالواسطہ نہیں بلکہ مہارت کے درجے پر ہوتی اور وہ اُن کے ابتدائی اور اوّلین مراجع پر پوری طرح دست رَس رکھتا۔ اسی طرح کسی کو طبیب یا فلسفی کہنے کا مفہوم یہ نہ تھا کہ وہ صرف فلسفے یا فنِ مُعالجہ کا ماہر ہے بلکہ وہ ایک جامع العلوم قِسم کی شخصیت ہوتا تھا۔ اطبّا اپنے فن کی اعلا تحقیق کے لیے علوم وفنون کے مختلف وسائل سے کام لیتے۔ علمی اور تحقیقی ذوق رکھتے اور صاحبِ قلم بھی ہوتے تھے۔ ان کی علمی ضروریات کی تکمیل کے لیے سارے اسلامی ملکوں میں کتب خانوں کا جال بچھا ہوا تھا۔ سرکاری کتب خانوں

کے ساتھ ساتھ بیشتر کے ہاں نجی کتب خانے بھی تھے۔

اس عہد میں اپنے اسلاف کی مندرجہ بالا خصوصیات کی مکمّل نمائندگی کرنے والی شخصیّت محترم حکیم محمد سعید دہلوی کی ہے جن کا قائم کردہ کتب خانۂ ہمدرد آج اپنے وسیع اور معیاری ذخیرے کی وجہ سے پاکستان کے معدودے چند کتب خانوں میں سے ہے۔ طبّی مخطوطات اور بعض علمی نوادر کے اعتبار سے اس کتب خانے کو پاکستان میں انفرادی مقام حاصل ہے اور غالباً اسی لیے مشرق و مغرب کی نامور علمی شخصیتوں کے لیے پاکستان کا اہم اور متعارف کتب خانہ بن چکا ہے۔

محترم حکیم صاحب نے کتب خانے کو جدید خطوط پر استوار کر کے اس کے مختلف شعبے قائم کر دیے ہیں جس کی مدد سے مطالعہ و تحقیق، تصنیف و تالیف، ترجمہ اور اشاعت کا کام پوری سرگرمی کے ساتھ جاری ہے اور کتب خانے کے علمی ذخائر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ دراصل جناب محترم حکیم محمد سعید صاحب کے علمی و تحقیقی ذوق کی بنا پر علوم و معارف کا یہ شان دار، متنوّع اور وسیع ذخیرہ فراہم ہو رہا ہے۔

یک چراغیست دریں خانہ کہ از پرتوِ آں
ہر کجا می نگرم انجمنے ساختہ اند

اس کتب خانے کی ایک قابلِ ذکر خصوصیت یہ ہے کہ اس میں دینی اور ادبی مخطوطات کے علاوہ متعدد اہم تاریخی، علمی اور فنّی اہمیّت کے حامل مخطوطات بھی ہیں جو بڑی سعی و کاوش سے جمع کیے گئے ہیں۔ ان میں طبّی مخطوطات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان طبّی مخطوطات میں بعض ایسے نسخے بھی ہیں جو تاریخی اہمیّت کے حامل ہیں۔ ان میں سے بعض کا ذکر اس جگہ قارئین کے لیے دل چسپی کا موجب ہوگا۔

القانون فی الطب

ابنِ سینا کے اس عظیم الشان طبّی دائرۃ المعارف القانون فی الطّب کے تین مخطوطے موجود

ایسا جن کے من جملہ دو نسخے لائقِ ذکر ہیں۔ ان میں سے ایک پاکستان کے نامور علم دوست بزرگ جناب حکیم نصیرالدین ندوی کا پیش کردہ ہے۔ شروع میں ۳۸ صفحات پر مشتمل مفصل فہرست ہے جو نسخ میں تحریر کی گئی ہے۔ مخطوطہ از اول تا آخر باریک خطِ نستعلیق میں لکھا ہوا ہے۔ خط کی یکسانیت لائقِ داد ہے۔ اس مخطوطے پر کتاب ثانی (دوسری جلد) کے خاتمے پر تحریر ہے کہ کاتبِ نسخہ نے اسے سید امام اسمٰعیل بن الحسن الحسینی کے اس نسخے سے نقل کیا ہے جس کے آخر میں درج تھا کہ یہ شیخ الرئیس ابنِ سینا کی تعلیق کی نقل ہے۔ اس لحاظ سے اس مخطوطے کی تاریخی حیثیت مسلّم ہے۔ کتب خانۂ ہمدرد میں القانون کا دوسرا نسخہ مرصع اور مطلاّ ہے، جو نفیس خطِ نسخ میں تحریر کیا گیا ہے۔ یہ نسخہ ۳۲۸ اوراق پر مشتمل ہے۔ نسخے پر درج عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ مخطوطے کے مالک نے اسے محمد شاہ کے دور میں اپنے ایک عزیز اسداللہ کے ذریعہ سے قصبہ کول (موجودہ نام علی گڑھ) سے فتح علی خاں کے دور میں حاصل کیا تھا۔ خیال ہے کہ فتح علی خاں اس دور میں مغل حکومت کا افسر ہو گا۔ کتاب پر ثناءُاللہ کے نام کی مہر بھی ہے جس پر ۱۱۶۶ ہجری کی تاریخ بھی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مخطوطہ سنہ ۱۱سو یا اس سے قبل کا تحریر کردہ ہے۔

تذکرۃ الکحالین

ایک اور مخطوطہ عیسٰی بن علی الکحال کی کتاب تذکرۃ الکحالین کا فارسی ترجمہ ہے۔ معالجۂ چشم کے سلسلے میں یہ ایک اہم کتاب ہے۔ حواشی پر آنکھ کے بعض امراض کی وضاحت تصویروں کے ذریعہ سے کی گئی ہے۔

جواہر المفردات

اِس کتاب پر مرتّب کا نام درج نہیں ہے۔ مفردات کے بارے میں ضروری معلومات جداول میں تحریر ہیں۔

الحاوی فی التداوی

محمود بن ضیاءالدین شیرازی متوفی ۱۳۲۹ء کا یہ مخطوطہ کتابت، تزئین اور قدامت کے لحاظ سے خاص اہمیت کا حامل ہے۔

شافی الاوجاع

اس نسخے کے مصنف حبیب اللہ ہیں۔ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصّہ اعضائے ظاہری کے امراض و علاج سے متعلق اور دوسرا حصّہ زہر خورانی اور زہریلے جانوروں کے علاج سے متعلق ہے۔ کتاب حسبِ ذیل جدولوں پر منقسم ہے: امراض کا نام، مزاج، اسباب، علامات، طریقہ واصولِ علاج، بادشاہوں کا علاج، فقرا و مساکین کا علاج اور عام علاج۔

تدبیر الحبالیٰ والاطفال

اس کے مصنف احمد بن محمد بن یحییٰ البلدی ہیں۔ قدیم اطبّا نے بچّوں کے علاج مُعالجے پر مستقل کتابیں بہت کم تصنیف کی ہیں۔ مصنّف نے اس کتاب میں از ابتدائے حمل تا ولادت بچّوں کی نگہداشت، امراض، علاج، ان کی صحّت اور تربیت سے متعلّق تفصیلی بحث کی ہے۔ یہ مخطوطہ کم یاب ہے۔

المرکّبات الاسحاقیہ

اس مخطوطے کے مصنّف محمد اسحاق ہیں۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ مصنّف نے ورق ۹۶ تا ۹۹ پر اپنے خاندان کا تفصیلی حال لکھا ہے جس کے مطابق مصنّف کے والد نے حکیم انتونی فرنگی سے تعلیم حاصل کی اور مصنّف نے اپنے والد سے۔ خاص بات یہ ہے کہ مصنّف نے مسودۂ کتاب میں حواشی پر اصلاحات کی ہیں۔ فہرستِ فہارسِ مخطوطات میں نہ مصنّف کا ذکر ملتا ہے نہ تصنیف کا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ مصنّف ہی کے ہاتھ کا لکھا ہوا مسودہ ہے اور غالباً کتب خانۂ ہمدرد کا یہ مخطوطہ اس کتاب کا واحد نسخہ ہے۔

رسالہ علاجِ فیل

اس رسالے کا مصنّف نامعلوم ہے۔ مختلف جانوروں خصوصاً گھوڑوں کے علاج مُعالجے پر تو بہت کتابیں ملتی ہیں لیکن ہاتھی کے علاج پر اُردو میں یہ واحد رسالہ ہے۔ ہاتھی کی بارہ بیماریاں اور ان کا علاج تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

الف-۱۰
۱

اطہر الطب

مصنف،	ہزاری سریمل	زبان،		فارسی	
کاتب،	نامعلوم	سالِ کتابت،		نامعلوم	
خط،	شکست	اوراق،		۱۵۳	
سطر،	۱۳	تقطیع،		۱۵×۲۰ سم	
لوح،	ندارد	جدول،		ندارد	

TITLE : ATHAR AL-TIBB
AUTHOR : HAZARI SRIMAL
LANGUAGE : PERSIAN

کلیاتِ طب کی ایک مختصر کتاب۔ کتب خانہ میں موجود تمام فہارس مخطوطات میں مصنف و تصنیف کا نام غیر موجود۔ کتاب پانچ اظہار اور ہر اظہار متعدد ظہور پر مشتمل ہے۔ ظہور اوّل در اصول، دوم در اخلاط، سوم در ارواح، چہارم در تشریح اعضاء۔

ابتدا: ..... بارگاہ اشراق حکمت مطلق حضرت صمدیت کہ در شاہراہ .....

آخر: واگر بر سر.....

کیفیت: مصنف کے نام کا دوسرا حصہ کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے مشتبہ ہے۔ مصنف نے تاریخ تصنیف منظوم لکھی ہے۔

چند شعر:

من ثنا گوے کرامات محمد شاہم — آن کہ در ہند شہنشاہ شہنشہ زادست

بستم سال جلوسش بربیع الثانی — اطہر الطب زطبعم بہ جمل ایجاداست

باد دلشاد ہزاری بدعاے شہ و ملک — نصرتِ خاص ...... دلشاداست

مخطوطہ از اوّل تا آخر کرم خوردہ ہے۔ لوح پر ایک چھوٹی مربع مہر بنام "رحمی لعل" صدی کا عدد غیر موجود صرف ۵۴۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف۔۱
۲

اکمل الصناعۃ

مصنّف:	کاظم الطبیب	زبان:	عربی		
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم		
خط:	نیم شکست و نستعلیق	اوراق:	۲۰۶		
سطر:	۲۳	تقطیع:	۲۱x۳۲ سم		
لوح:	ندارد	جدول:	نیگوں و شنگرفی		

TITLE . AKMAL AL-SANA'H
AUTHOR : KAZIM AL-TABIB
LANGUAGE : ARABIC

مصنف کاظم الطبیب نے علی بن عباس المجوسی (متوفی ۳۸۴ھ ۹۹۴ء) کی تصنیف "کامل الصناعۃ" کے بارے میں اپنے مقدمہ میں لکھا کہ فنِ طب میں یہ کتاب نہایت اہم اور مفید ہے۔ لیکن کتاب اکثر مقامات پر مغلق اور وضاحت طلب ہے اس لیے میں نے اسے آسان اور زود فہم کرنے کے لیے نئے انداز اور نئے پیرائے میں تصنیف کیا اور اس کا نام "اکمل الصناعۃ" رکھا۔

کتاب دو اجزا پر مشتمل ہے علمی و عملی۔ موجودہ نسخہ جزو اوّل ہے اس میں سات مقالے ہیں اور ہر مقالہ متعدد ابواب پر مشتمل ہے۔ ابتدا ناقص۔

ابتدا: "الشباب ظہر لی ان الفضلا من الاطبا و العلما والحکما

خاتمہ: فی المداومۃ شدیدۃ اضطراریۃ فاعلم ذالک"

ترقیمہ: "تم الکتاب الاوّل المصنّف فی العلم النظری من الطب بابین بیان واوضح بتیان واکمل شان من بیان اطباء دوران من کتاب المصنّف اکمل الفاضل النحریر المدقق الالمعی اللوذعی فی التحریر والتقریر المتطبب المشہور المعروف بالکاظم الطبیب اللبیب رحمہم اللہ المصنّفین فی جری علم الطب علمی بعون اللہ المیسر لکل عسیر والمحیط علی کلِ شئے من القلیل والکثیر"

کیفیت: مخطوطہ کرم خوردگی سے پاک ہے۔ اکثر حاشیوں پر تشریحات و نسخہ جات۔

الف-۱
۲

بدیع التحریر و بضاعت اطبا

مصنف:	رحم علی خاں	زبان:	فارسی
کاتب:	محمد حسین	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۲۴۰
سطر:	۲۲	تقطیع:	۲۷ × ۱۷ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : BADI'AL-TAHRIR WA BIZA'AT ATIBBA
AUTHOR : RAHM ALI KHAN
SCRIBE : MOHAMMAD HUSAIN
LANGUAGE : PERSIAN

مصنف نے اپنے مختصر مقدمہ میں وجہ تصنیف لکھتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ میں نے زبدۃ الکلام بدیع التجارب اور بدیع النوادر کی تکمیل کے بعد اپنے بعض احباب کے اصرار پر یہ کتاب ۱۲۱۴ھ میں لکھنی شروع کی اس کا نام بدیع التحریر و بضاعت اطبا رکھا۔

کتاب دو مقالوں پر مشتمل ہے ہر مقالہ دو توضیح اور ہر توضیح متعدد اجزاء پر مشتمل ہے۔ مقالہ اوّل در بیان علمی و عملی طب۔ مقالہ دوم در بیان امراض غیر مختصہ بعضو و اسباب و معالجات۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ می گوید محمد رحم علی خاں بن بہرمند خاں

خاتمہ: از مخلصہ متقاے فقط۔

ترقیمہ: تمت تمام شد بضاعت الاطبا من تصنیف افضل الحکماء و زبدۃ الفضلا مولوی رحم علی خاں صاحب . . . مبرور . . . . مرحوم . . . مغفور متوطن قدیم سکندرپور و حال شہر فرخ آباد اتمام پذیرفت ہر کہ خواند طمع دارم زاں کہ من بندہ گناہ گارم من نوشتم صرف کردم روزگار من نمانم ایں بماند یادگار خط بے ربط عاصی پرمعاصی محمد حسن تحریر یافت۔ غلطا و نسیاں از خورداں از بزرگان امید عفو و عطا است۔

کیفیت: متن سے قبل چار اوراق پر فہرست عنوانات۔

الف ۱۰/۴

تتمہ بدیع التحریر وبضاعت الاطبا متعلق حمیات

مصنف:	نصیرالدین	زبان:	فارسی
کاتب:	محمد حسین	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی نفیس	اوراق:	۲۳
سطر:	۲۳	تقطیع:	۲۰ × ۱۷ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TATIMMAH BADI' AL-TAHRIR WA BIZA'AT AL-ATIBBA MUTALLIQ HUMMIYAT
AUTHOR : NASIRUDDIN
SCRIBE : MOHAMMAD HUSAIN
LANGUAGE : PERSIAN

مترجم نصیرالدین نے حمیات قانون شیخ سے ترجمہ کر کے بطور تتمہ بدیع التحریر کے آخر میں اضافہ کیا ہے۔

ابتدا: فصل در ماہیت حمی پس می گوئیم

خاتمہ: بحرمت النبی وآلہ الامجاد علیہما الصلوٰۃ والسلام۔

ترقیمہ: تمت از دست بدخط محمد حسین ساکن شہر شاہجہانپور محلہ باڑوزی اتمام یافت فقط۔

کیفیت: حاشیہ پر "حکیم ارشد خان المخاطب" .... من خلیفۃ الرحمان بحکیم شفائی خاں صاحب دام اللہ ظلہ، وارفع . . . . بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد ۱۲۔ اور نیچے افقی سطروں میں الحمد للہ والمنۃ کہ ایں کتاب نقل از مسودہ قلمی بود بندہ محمد کرامت اللہ تنہا مقابلہ از اصل کردہ گرفت بلکہ باستعانت قانون حمیات اکثر صحت کردہ والحمد للہ علیٰ ذالک بتاریخ ۱۱ دسمبر ۱۸۶۲ء در شاہجہانپور۔

مخطوطہ بہت اچھی حالت میں ہے۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ۱/۵

ترجمہ فارسی حمیات قانون

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم

خط:	نستعلیق	اوراق:	۱۷
سطر:	۱۴	تقطیع:	۲۵ × ۲۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TARJUMA FARSI HUMMIYAT QANUN
LANGUAGE : PERSIAN

شیخ الرئیس ابنِ سینا کی کتاب القانون کی کتاب چہارم حمیات کا نامکمل ترجمہ غالباً مترجم یا ناقل کسی وجہ سے پایۂ تکمیل کو نہ پہنچا سکا۔

ابتدا: بعد حمد و نعت ۔ کتاب چہارم از قانون در میان امراضے

آخر: .... و شریک مانند در بعض ہمان امور۔

کیفیت: مخطوطہ جدید العہد ہے۔

الف۔۱۰
۶

تفسیر مقالۃ الثانیہ من کتاب جالینوس

مصنف:	اوحد ابن الفضل الحسن	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۳۶
سطر:	۲۵	تقطیع:	۲۰ × ۱۱ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TAFSIR MAQALAH AL-THANIA MIN KITAB JALINUS
AUTHOR : AUHAD BIN AL-FAZL AL-HASAN
LANGUAGE : ARABIC

حکیم جالینوس کی کتاب کے مقالۂ ثانیہ جو امراض اعضا باطنی سے تعلق رکھتے ہیں اس کی شرح۔

ابتدا: تفسیر سیدنا الشیخ الاجل الاوحد ابن الفضل الحسن

خاتمہ: نوبۃ الحمی احدث اختلاطاً.....

ترقیمہ: تم تفسیر المقالۃ الثانیۃ من کتاب جالینوس فی تعریف علل الاعضاء الباطنۃ کتبہ..... فہو الاصبہانی حلب حما اللہ دحرسہا والف الفراغ تم تمام شد۔

کیفیت: جن لفظوں پر نقطے نہیں ہیں وہ اسی طرح لکھے ہوئے ہیں مخطوطہ بہت زیادہ کرم خوردہ تھا تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۱
۷

حذاقت مہان المعروف بہ قانون العلاج

مصنّف:	سید محمد سجاد مرہانی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی	اوراق:	۹۳
سطر:	۱۸	تقطیع:	۱۵x۲۳سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : HAZAQAT MUHAAN AL-MA'RUF BA QANUN AL-ILAJ
AUTHOR : SYED MOHAMMAD SAJJAD MOHANI
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ اصول تشخیص امراض اور نسخہ نویسی سے متعلق ہے۔ مقدمہ کتاب میں مصنف نے اپنے استاد حکیم سید مرتضیٰ المعروف دولہ صاحب شاگرد حکیم مسیح الدولہ کا تذکرہ اور ان سے فن طب میں اپنی شاگردی اور استفادہ کا اظہار کیا ہے۔ آخر میں لکھا کہ میں نے یہ کتاب اصول تشخیص امراض کی رہنمائی کے لیے اپنے شاگردوں کے لیے مرتب کی ہے۔ سالِ تصنیف ۱۳۰۵ھ۔

ابتدا: بعد حمد و نعت السلام اے بعد ما آیندگان۔

آخر: ... گاہے از صدمہ خارجی شود علاج آن۔

کیفیت: ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کاتب نے لکھتے لکھتے یکایک کتابت ختم کر دی ابتدائی اوراق باریک کاغذ سے محفوظ کر دیے گئے ہیں حواشی پر پیوند کاری۔

الف-۱
۸

حل الموجز

مصنّف:	کمال الدین محمد اقسرائی	زبان:	عربی
[illegible]:	م ۷۹۱	سالِ کتابت:	۱۲۶۳ھ
کاتب:	محمد رضا البخاری	اوراق:	۲۲۴
خط:	نستعلیق و نسخ ۔ خفی و جلی	تقطیع:	۲۶ x ۱۴ سم
سطر:	۲۱	جدول:	ندارد
لوح:	ندارد		

TITLE : HALL AL-MUJAZ
AUTHOR : KAMALUDDIN MOHAMMAD AQSARAI
SCRIBE : MOHAMMAD RIZA AL-BUKHARI
LANGUAGE : ARABIC

موجز القانون کے مصنف ابن النفیس ابوالحسن القرشی متوفی ۶۸۹ھ کی کتاب موجز القانون کی شرح مسمی حل الموجز۔ مصنف نے موجز القانون کی شرح نہایت وضاحت سے کی ہے اس کے علاوہ مصنف کی دیگر تصانیف حاشیہ علی الکشاف شرح الموجز شرح الایضاح فی المعانی والبیان ایضاح الایضاح شرح الغایۃ القصوی فی درایۃ الفتوے للبیضاوی اعتراضات علی الکشاف للبیضاوی۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ فان الطب علم شریف بشرف موضوعہ

خاتمہ: والمرجو من الناظر فیہ ماوقع فیہ من الخطاء

ترقیمہ: تمت کاتبہ ومالکہ الفقیر الحقیر من عباد اللہ عالم گیر ابن حکیم غلام قادر بن حکیم غلام حسین عفی اللہ الذنوبہ مع جمیع المومنین والمومنات بمنہ وکرمہ آمین رب العالمین فی الوقت ضحی والیوم اول ...... بتاریخ اثنا وعشرین فی الشہر جمادی الثانی فی ۱۲۶۳ھ۔

کیفیت: ابتدائی تین صفحات کسی طبی کتاب سے متعلق۔ آخری چودہ صفحات کتاب کے علاوہ نسخہ جات، احادیث اور اشعار، ورق اول لوح کے اوپر ایک چھوٹی بیضاوی مہر بندہ عالمگیر (اصل نام پڑھا نہ جاسکا) مہر کاتب اور مالک کتاب کی ہے مخطوطہ کے حواشی قدرے کرم خوردہ۔

الف-۱
۹

حل الموجز

مصنف:	کمال الدین محمد اقصرائی	زبان:	عربی
کاتب:	—	سالِ کتابت:	۹۹۲ھ
خط:	نستعلیق خفی	اوراق:	۲۰۰
سطر:	۲۱	تقطیع:	۱۲x۲۲ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : HALL AL-MUJAZ
AUTHOR : KAMALUDDIN MOHAMMAD AQSARAI
LANGUAGE : ARABIC
DATED : 992 HIJRAH

حل الموجز کا یہ دوسرا نسخہ پہلے مخطوطہ کے مقابلے میں نہایت قدیم اور خط کے لحاظ سے بہت عمدہ ہے۔ مخطوطہ کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ ابتدا میں فہرست مع شمار اوراق درج کی گئی ہے۔ فہرست مضامین کے خاتمے کے بعد سالِ کتابت اور کاتب نے اپنا نام لکھا ہے۔

آغاز: بعد حمد و نعت۔ اما بعد فان الطب علم شریف لشرف موضوعه

آخر: والکمه فمن یستعمل مع

ترقیمہ: فہرست مضامین کے بعد قد تمت هذه الفهرس فی ایمن الاوقات وقت العشاء من یوم الاربعاء فی رابع عشر من شهر ربیع .... فی ۹۹۲ھ علی ید اضعف عباد الله الباری محمد رضا .... محمد .... البخاری۔

کیفیت: ابتدا میں چار اوراق پر مختلف طبی اور فلسفیانہ عبارتیں اس کے بعد دس صفحات پر مشتمل فہرست مضامین اس کے بعد تین صفحات پر مختلف عبارتیں۔ نویں ورق پر یہ عبارت " هذا الکتاب فی علم الطب صارت هذا الکتاب من متملکات العبد الراجی الی رحمة الله رحمه الله ابن شیخ محمد ابن شیخ محمود رحمه الله البرجاجی بالشراء فی بلدة دار السلطنت لاهور و کان ذالک فی التاریخ .... ذی العقدة ۸ .... مندرجہ بالا عبارت پر افقی خط کھینچا ہوا غالباً کتاب جب کسی اور کی ملکیت میں گئی تو اس نے پہلی ملکیت ساقط کر دی۔ اس عبارت کے نیچے ایک گول مہر اسی ورق کے دوسرے صفحہ پر عربی عبارت۔ اس عبارت کے نیچے اور مقابل کے صفحہ پر دو چھوٹی مربع مہریں ان تینوں مہروں کو سیاہی سے

مٹا دیا گیا ہے۔ مخطوطہ کے ورق الف پر مختلف فارسی عبارتیں، اور حاشیہ پر یہ عبارت "الجزء الاول۔ از کتب فقیر ابوتراب....
ابن شیخ عبدالحق بن شیخ عبداللہ"

مخطوطہ کے تمام حواشی پر تشریحات۔ اکثر اوراق قدرے کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۰

دستور العلاج

مصنف:	سلطان علی طبیب خراسانی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۷۳+۷
سطر:	۱۶	تقطیع:	۲۲ × ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : DASTUR AL-ILAJ
AUTHOR : SULTAN ALI TABIB KHURASANI
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ کلیاتِ طب سے متعلق ہے۔ کتاب کا انتساب سلطان ابوسعید بہادر خان کے نام ہے۔ کتاب ایک مقدمہ اور دو مقالوں پر مشتمل ہے مقدمہ سولہ ابواب اور ہر باب متعدد فصلوں پر منقسم ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت، و بعد عرضہ می دارد فقیر حقیر سلطان علی

خاتمہ: و تری مادہ است و بے طاقتی و عجز۔ طبیعت۔

ترقیمہ: تمت بالخیر۔

کیفیت: مخطوطہ کے خاتمہ کے بعد اسی کاتب نے چھ اوراق پر مشتمل اسی کتاب کا ابتدائی حصہ لکھا ہے لیکن ابتدائیہ اور بعض تفصیلات میں کافی فرق ہے۔ مخطوطہ کے ورقِ اول الف پر یہ عبارت درج ہے "بتاریخ دوازہم شہر ربیع الاول ۱۲۱۸ ہجری نسخہ دستور العلاج و دستور الاطبا...... در خریدی آمدہ و داخل کتب شدہ" اس عبارت کے نیچے دوسری عبارت یوں ہے "بتاریخ ۱۸ شہر ذی قعدہ .... این کتاب را در نیلام معرفت ... خریداری شدہ ..."

"دستور الاطباء" کے بعد الفاظ کسی نے روشنائی سے مٹا دیئے ہیں آخری ورق پر متفرق نسخہ جات۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۱

دستور الفصد

مصنف:	محمد افضل بیگ	زبان:	فارسی		
کاتب:	شریف بن غلام محمد	سالِ کتابت:	۱۳۱۱ھ		
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۳۲		
سطر:	۱۵	تقطیع:	۱۷×۱۰سم		
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

TITLE	:	DASTUR AL-FASD
AUTHOR	:	MOHAMMAD AFZAL BAIG
SCRIBE	:	SHARIF BIN GHULAM MOHAMMAD
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1311 HIJRAH

مصنف نے مختلف طبی کتب مثلاً ذخیرہ خوارزم شاہی و دیگر رسائل معتبرہ سے فصد عروق انسانی سے متعلق اصول و قواعد اور علاج ترتیب دیا ہے۔ کتاب چھ ابواب پر منقسم ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت اما بعد چنیں گوید بندہ اضعف العباد اللہ القوی محمد افضل

خاتمہ: خالی از منفعت نخواہد بود واللہ اعلم بالصواب۔

ترقیمہ: تمام شد ایں رسالہ دستور الفصد بعون الملک الوہاب از ید فقیر حقیر پر تقصیر خاکپا علماء و فقیران خدا پرست شریف ولد غلام محمد غفر اللہ ولوالدیہ بروز پنج شنبہ بوقت ال بتاریخ بست ہفتم ماہ ذی القعدہ ۱۳۱۱ھ۔

کیفیت: مخطوطہ کرم خوردگی سے پاک صاف ہے آخری صفحہ پر نسخہ لقوہ اور ترکیب استعمال درج ہے۔

الف-۱
۱۲

دستور الفصد

مصنف:	محمد افضل بیگ	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم

خط: نستعلیق معمولی   اوراق: ۱۵

سطر: ۱۶   تقطیع: ۱۷×۱۰ سم

لوح: ندارد   جدول: ندارد

TITLE : DASTUR AL-FASD
AUTHOR : MOHAMMAD AFZAL BAIG
LANGUAGE : PERSIAN

نسخہ دوم۔

ابتدا: بعد حمد و نعت چنیں گوید بندہ اضعف عباد اللہ القوی محمد بیگ

خاتمہ: از منفعت نہ خواہد بود واللہ اعلم بالصواب

کیفیت: نسخہ اول میں مصنف کا نام کاتب نے محمد افضل لکھا ہے اس نسخہ میں محمد بیگ لکھا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ مصنف کا نام محمد افضل رہا ہو۔ خاتمہ کے نیچے ایک تعویذ قدرے کرم خوردہ حواشی وصالی شدہ۔

الف-۱ / ۱۲

رسالہ تحقیق الحمیات

مصنف: نامعلوم   زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم   سالِ کتابت: نامعلوم

خط: نستعلیق جلی   اوراق: ۲۷

سطر: ۱۵   تقطیع: ۱۳×۲۲ سم

لوح: ندارد   جدول: ندارد

TITLE : RISALAH TAHQIQ AL-HUMMIYAT
LANGUAGE : PERSIAN

قانون شیخ میں حمیات سے متعلق بحث کی تشریح و توضیح مصنف نے اپنے دلائل کے ثبوت میں کلیات طب الحاوی اور ذخیرہ کے بھی حوالے دیئے ہیں۔

ابتدا: ایں رسالہ تحقیق الحمیات در بیان حقیقت

خاتمہ: بگور رسالہ حمیات گردید تم

ترقیمہ: تم تمام شد رسالہ حمیات بتاریخ چہارم جمادی الثانی۔

کیفیت: ترقیمہ کے نیچے افقی سطروں میں گذشت نوبت مجنون زکارخانہ عشق ہمیں است دریں کہنہ دورما امروز۔ در قصبہ سا......... در خدمت خلیفہ صاحب اتمام یافت۔

قدرے کرم خوردہ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۴

رسالہ تدبیر الفصد

مصنف:	نیاز علی خان امروہوی	زبان:		اردو	
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:		نامعلوم	
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:		۵۲	
سطر:	۱۳	تقطیع:		۲۰ x ۱۴ سم	
لوح:	ندارد	جدول:		ندارد	

TITLE : RISALAH TADBIR AL-FASD
AUTHOR : NIAZ ALI KHAN AMROHAVI
LANGUAGE : URDU

احباب کی فرمائش پر مصنف نے مختلف قدیم طبی کتابوں سے فصد لگانے کے اصول و قواعد انتخاب کر کے رسالہ تدبیر الفصد مرتب کیا ہے۔ کتاب پانچ الواب پر منقسم ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت امابعد بیان کرتا ہے محمد نیاز علی خان

خاتمہ: اور فصد صافن بھی مناسب ہے واللہ اعلم بالصواب وھو اعلم بحقیقت الحال۔

کیفیت: رسالہ کرم خوردگی سے پاک ہے۔

الف-۱
۱۵

رسالہ قارورہ ونبض منظوم

مصنف: کمال زبان: فارسی

کاتب: مصطفےٰ علی ولد منشی محمد کریم الدین سالِ کتابت: ۱۲۶۱ء

خط: نستعلیق جلی نفیس اوراق: ۱۷

سطر: ۱۵ تقطیع: ۲۶×۱۸ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	RISALAH QARURAH WA NABZ MANZUM
AUTHOR	:	KAMAL
SCRIBE	:	MUSTAFA ALI
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1261 HIJRAH

قارورہ اور نبض سے متعلق اصول شناخت۔

ابتدا: بعد حمد ونعت

بداں کہ گاہ نبود ونہ ہست گاہ گے ارادہ تحریر نظم ونثر مگر

خاتمہ: برائے سودا بفالج است مسہل او

ترقیمہ: الحمد للہ والمنۃ کہ ایں رسالہ قارورہ ونبض وادویات خاص بتاریخ سیزدہم ذی قعدہ ۱۲۶۱ء ازدست مصطفےٰ علی ولد منشی محمد کریم الدین ساکن سیوان ..... باتمام رسید بمنہ وکرمہ۔

کیفیت: ورق ۱۱ب پر رسالہ قارورہ ختم ہو جاتا ہے ورق ۱۲ الف تا ورق ۱۴ب رسالہ نبض از ورق ۱۵ الف تا آخر رسالہ مقویات دماغ دل معدہ جگر ودیگر مقوی نسخہ جات ورق ۱۶ب تا ورق ۱۸ الف طبّی اوزان کی تحقیق اور تفصیلات۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۶

ریاض الفوائد

مصنف: محمد امان بن محمد افضل زبان: فارسی

کاتب: محمد اسد اللہ بن سعد اللہ سالِ کتابت: ۱۱۵۷ھ

خط	نستعلیق		اوراق:		۳۲۲
سطر:		۲۳	تقطیع:		۲۸ × ۱۶ سم
لوح:		ندارد	جدول:		ندارد

TITLE : RIYAZ AL-FAWAID
AUTHOR : MOHAMMAD AMAAN
SCRIBE : MOHAMMAD ASADULLAH
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1157 HIJRAH

مخطوطہ ایک مقدمہ اور دو فن پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں ماہیت طب اور موضوعات طب سے بحث کی گئی ہے فن اوّل علم طب نظری اور فن دوم علم طب عملی سے متعلق ہے دونوں فنون متعدد مقالات الواب اور فصول پر مشتمل ہیں۔

ابتدا: بعد حمد و نعت می گوید بندہ شکستہ و دل خستہ

خاتمہ: بحق محمدؐ و اصحابہ اجمعین و تابعہ و تبع التابعین الی یوم الدین

ترقیمہ: فتمت ہذا الکتاب بید نحیف محمد اسد اللہ بن سعد اللہ متوطن سھنہ سرکار ریواری صوبہ دار الخلافہ شاہجہان آباد تاریخ بست و نہم روز پنج شنبہ شہر جمادی الاولی ۲۷ جلوس محمد شاہ بادشاہ غازی مطابق ۱۱۵۷ ہجری علیہ الصلوٰۃ و السلام واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

نوشتہ بماند سیہ بر سفید — نویسندہ رانیست فردا امید
ہر کہ خواند دعا طمع دارم — زانکہ من بندہ گناہ گارم

کیفیت: اصل کتاب کی ابتدا سے تین اوراق قبل مختلف عبارتیں "کتاب فیہ جمیع مباحث الطب وتحقیق ان یدرس اجاد الکلام فی الجزء العملی تشخیصا و تدبیرا" دوسرے ورق پر نسخہ جات تیسرے ورق پر طبی نسخہ جات اور یہ عبارتیں "ریاض الفوائد از تاریخ ہفتم شہر محرم الحرام در کتاب خانہ آمدہ است" اس کے نیچے "ایں کتاب را از منقولہ منہ تمام کمال مقابلہ بمعہ حاشیہ مقابلہ کردہ شد" اس کے نیچے بخط نسخ "کتابیکہ اسمش ریاض الفوائد۔ برائے معالجہ در آن ہر چہ شاید۔ اکثر حواشی پر نسخہ جات۔ آخری ورق ۳۲۲ پر ترقیمہ کے بعد نسخہ جات و اشعار اور یہ عبارت "بتاریخ بیست و نہم شہر جمادی الاولیٰ ۲۷ مطابق ۱۱۵۷ ہجری نبوی علیہ السلام تمام جلد مقابلہ نمودہ شد راقم مسکین امین۔ ...... بن ..... الدین بحرمۃ سید المرسلین و آلہ اجمعین۔

تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۷

زبدة الکمالات

مصنف: نامعلوم زبان: عربی
کاتب: نامعلوم سالِ کتابت: ۱۱۱۹ھ
خط: نسخ جلی اوراق: ۳۴۵
سطر: ۹ تقطیع: ۲۲ × ۱۳ سم
لوح: نیلگوں وشنگرفی جدول: نیلگوں وشنگرفی

TITLE : ZUBDAH AL-KAMALAT
LANGUAGE : ARABIC
DATED : 1119 HIJRAH

کلیات طب ومعالجات میں مصنف نے یہ کتاب متقدمین کی مختلف کتابوں سے استفادہ کرتے ہوئے ترتیب دی ہے۔ متعدد مقالات اور فصول پر مشتمل ہے۔

ابتدا: بعد حمد ونعت۔ اما بعد فہذا مختصر مشتمل علی زبدة

خاتمہ: شفایابد واللہ اعلم بالصواب۔

ترقیمہ: من تصنیف ملک الشعراء الحکمای . . . . بجہۃ میر عبداللہ حکیم ترتیب داده شد در مسکون دہلی وایں طب را زبدة الکمالات نام نہادہ شد و در عہد آفتاب عالمتاب در شہور امرداد الٰہی مطابق بقدم شہر جمادی الثانی ۱۱۱۹ ہجری و مطابق ۵۰ جلوس میمنت مانوس در چکلہ گوالیار قلمی نمودہ شد تا دریان بر من دعا خیر کنند۔

کیفیت: ترقیمہ میں "ملک الشعراء والحکمای" کے بعد تقریباً پوری سطر غیر مرقوم ہے۔ مصنف کا نام نہیں لکھا۔ اس سے آگے یہ عبارت "بجہۃ میر عبداللہ حکیم ترتیب داده شد در مسکون دہلی" ورق ۳۲۲ ب کی دو سطروں کے بعد بجائے عربی کے فارسی زبان میں آخر تک بین السطور میں بخط نستعلیق اور شنگرفی حروف میں فارسی ترجمہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۸

شرح رسالہ قبریہ بقراط

مصنف:	نامعلوم	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نسخ جلی	اوراق:	۵۳
سطر:	۷	تقطیع:	۱۳x۲۲ سم
لوح:	نیلگوں و شنگرفی	جدول:	نیلگوں و شنگرفی

TITLE : SHARAH RISALAH QABRIYYAH BAQRAT
LANGUAGE : ARABIC

کہا جاتا ہے کہ حکیم بقراط متوفی ۳۷۰ قبل مسیح کی قبر سے یہ رسالہ دستیاب ہوا تھا عربی میں اس کا ترجمہ حنین ابن اسحٰق بغدادی متوفی ۲۶۰ھ نے کیا۔

زیرِ نظر مخطوطہ رسالہ قبریہ کی شرح ہے۔ شارح کا پتہ نہ چل سکا۔ بین السطور شرح کا فارسی ترجمہ ہے۔ مترجم نے بھی اپنا نام نہیں لکھا ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت و بعد فہذہ رسالۃ شریفۃ غریبۃ لما کانت قلیلۃ الحجم

آخر: تخلط الدموی الحاد الفاسد۔

کیفیت: ابتدا میں فہرست مضامین۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۱۹

شرح الکتاب الرابع من کتب القانون ابن سینا

مصنف:	علی الدین ابن الحزم	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۴۶
سطر:	۲۵	تقطیع:	۲۶ x ۱۸ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE : SHARAH AL-KITAB AL-RABI' MIN KUTUB AL-QANUN IBN SINA
AUTHOR : ALIUDDIN IBN AL-HAZM
LANGUAGE : ARABIC

شیخ الرئیس بو علی سینا کی کتاب قانون کی کتاب چہارم حمیات کی شرح۔

ابتدا: قال مولانا الامام العالم العلامۃ علی الدین ابوالحسن

آخر: فلان العفونۃ لقربہا من القلب۔

کیفیت: شارح نے اپنے مختصر مقدمہ میں وضاحت کی ہے کہ جس اسلوب پر میں نے دیگر کتب کی شرحیں لکھی ہیں اسی اسلوب پر اس کتاب کی بھی شرح لکھ رہا ہوں۔

متن کے علاوہ حواشی پر بھی نہایت خوش خط نستعلیق اور شنگرفی حروف میں وہی عنوانات۔ آخری صفحہ پر دو مہریں ایک بیضاوی دوسری مربع پہلی مہر انگریزی اور بنگلہ رسم الخط میں سید مہدی خان مرشد آباد۔ دوسری میں نواب سید محمد مہدی خان بہادر رئیس چیت پور ۱۲۹۵۔ حواشی قدرے کرم خوردہ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۲۰

شرح کلیات قانون

مصنف: نامعلوم زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم سالِ کتابت: نامعلوم

خط: نستعلیق اوراق: ۲۵۰

سطر: ۱۹ تقطیع: ۱۳x۲۷ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE : SHARAH KULLIYAT QANUN
LANGUAGE : PERSIAN

شیخ الرئیس ابن سینا کی کلیات قانون کی متعدد فضلا نے شرح لکھی ہے جن میں فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ قطب الدین علامہ شیرازی اور محمود بن محمود آملی کی شرحیں شامل ہیں۔ زیر نظر مخطوطہ تعلیم سادس کی "فصل رابع فی القوی" کے عنوان سے قبل تعلیم پنجم کے آخری حصہ سے شروع ہوتی ہے۔

ابتدا: از ..... کہ اُو جزء ذات وخود مغایرست

آخر: وقطع عمل ونشان کمال اسہال۔

کیفیت: حواشی پر الفاظ کے معانی اور کہیں کہیں متن میں غلطی کی اصلاح۔ ورق دو سو اکیاون کے بعد کسی دوسرے کاتب نے آخر تک لکھا ہے۔ خط نستعلیق نفیس۔ اوراق پر ہندسی عدد کے بجائے رقمی عدد لکھا ہے۔ مثلاً ما دما لہ عہ۔ مخطوطہ پر ۲۸۱ تک ہندسہ ہے لیکن موجودہ اوراق تین سو پچاس تک ہیں۔ درمیان سے اوراق مختلف جگہوں سے ندارد۔ مخطوطہ جگہ جگہ کرم خوردہ۔ وصالی شدہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۲۱

شرح موجز نفیسی

مصنف: نفیس بن عوض برہان الدین بن الحکیم المتطبب م ۸۵۳ھ ۱۴۴۹ء — زبان: عربی

سالِ کتابت: ۱۲۶۹ھ

کاتب: محمد کرامت اللہ بن شمس الدین البدایونی — اوراق: ۲۶۰

تقطیع: ۱۷×۲۷ سم

خط: نستعلیق خفی نفیس — جدول: ندارد

سطر: ۲۵ — لوح: ندارد

TITLE : SHARAH MUJAZ NAFISI
AUTHOR : BURHANUDDIN NAFIS BIN IWAZ
SCRIBE : MOHAMMAD KARAMTULLAH
LANGUAGE : ARABIC
DATED : 1269 HIJRAH

مخطوطہ موجز القانون فی الطب علاءالدین علی بن ابی الحزم مشہور بہ ابن نفیس دمشقی متوفی ۶۸۷ھ ۱۲۸۸ء کی شرح ہے۔ نفیس بن عوض کی اس کے علاوہ شرح الاسباب والعلامات شرح الامراض الجزئیہ من فصول ابقراط۔ کلیات الشرح الموجز، ملموجز۔ تفسیر العلل واسباب الامراض ہیں۔

نفیس بن عوض نے الغ بیگ بن شاہ رخ بن تیمور کے دورِ حکومت (۱۴۴۷ء - ۱۴۵۲ء) میں یہ کتاب تصنیف کی اور اسی بادشاہ کے نام منسوب کی ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت فیقول العبد الضعیف المتادب نفیس بن عوض

خاتمہ: وحدعا فما توانی آخر الامر۔

ترقیمہ: الحمد للہ علی ما وفقنی لختم کتابت ہذا الشرح الموجز المسمی والمدعو بالنفیسی وقد کنت فی آوان الکتابت بل من قبلہ مغموما من فوت قرۃ عینی المرحوم المغفور العبد الرحمان بنہایۃ الغم فشرعت تسکینا للطبعیۃ کتابتہ ہذہ ومعہذا کنت عدیم الفرصۃ من تعلق اعمالی منصفی المقام المسمی بالدا تا گنج فقبل الختم حرمت علی نفسی راحۃ واکتحلت السہاد وتجنبت الرقاد فقد حصلنی بفضلہ وتوفیقہ الاختتام فی تاریخ ستۃ وعشرین من الشہر الربیع الثانی دمن ہجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم الف و مائتان وتسعۃ وستون سنۃ فی مقام داتا گنج والعبد المذنب محمد کرامت اللہ ابن الشمس الدین البدایونی الموطن اللہم اغفر لکاتبہ و لمصنفہ ولمن یقرا فیہ یوم القیامۃ اللہم امین ثم امین۔

فسہل یا الٰہی کل صعب . . . . بحرمۃ سید الابرار سہل

یلوح الخط فی القرطاس دہراً

وکاتبہ رمیم فی التراب ۵۵۵

کیفیت: مخطوطہ نہایت اچھی حالت میں ہے کرم خوردگی سے بالکل پاک۔

الف۔۱۰
۲۲

طب قادری

مصنف:	الہداد ابن شیخ قطب الدین حکیم المعروف بہ ابو حلیم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نہایت نفیس اور پاکیزہ	اوراق:	۲۷۱
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۵ × ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	نیلگوں و شنگرفی

TITLE : TIBB-E QADRI
AUTHOR : AL-HIDAD IBN SHAIKH QUTBUDDIN
LANGUAGE : PERSIAN

مصنف نے ابتدائے کتاب میں ایک طویل مقدمہ لکھا ہے۔ اشعار رباعیات قرآنی آیات واحادیث کا جابجا استعمال قطب ربانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے اپنی انتہائی عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ اس کے بعد شاہ جہاں کی خدمت میں اپنی تصنیف کا ہدیہ پیش کیا ہے شیخ عبدالقادر جیلانی سے ارادت کی وجہ سے کتاب کا نام بھی طب قادری رکھا ہے۔ کتاب چار فنون (۱) درشرح قواعد جزئیہ (۲) در بیان نبض (۳) در بیان ماکول ومشروب (۴) در بیان تشخیص پر مشتمل ہے۔ پہلا ورق اور آخر ندارد۔

ابتدا: کردبنا بانی عرش بریں　　بعدازاں کرسی افلاک ومہر

آخر: در مداوای مذکوره صفت جوارش مجرب که درد۔

کیفیت: حواشی کہیں کہیں کرم خورده۔ کسی نے متن کی پہلی اور دوسری سطر کے درمیان آخر میں اوراق کے ہندسے لکھے ہیں۔ ورق اکیس پر کرہ ارض کی اور ورق ستر پر کرۂ فلک وسیارگان کی شکل بنائی ہے۔

الف ۱۰ / ۲۳

القانون

مصنف:	ابن سینا ابوعلی الحسین بن عبداللہ ۲۸ھ ۱۰۳۶ء	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۳۸ + ۶۲۵
سطر:	۲۵	تقطیع:	۲۵ × ۱۵ سم
لوح:	ندارد	جدول:	نیلگوں وشنگرفی

TITLE : AL-QANUN
AUTHOR : IBN SINA
LANGUAGE : ARABIC

شیخ الرئیس ابن سینا فلسفی وطبیب بلخ میں پیدا ہوا۔ والدین ہجرت کر کے بخارا آگئے اور وہیں ابن سینا کی تعلیم وتربیت ہوئی بچپن ہی سے ذہانت وفطانت نمایاں تھی۔ بیس سال کی عمر میں قرآن پاک ادب اصولِ دین اور ہندسہ میں ماہر ہو گیا۔ علم طبیعیات اور الہیات کے بعد اپنے مزاج کی مناسبت سے علم طب کی طرف متوجہ ہو گیا اور کم عمری ہی میں وہ ایک ماہر معالج کی حیثیت سے مشہور ہو گیا۔ خراساں کے گورنر کا کامیاب علاج کیا اور وہ جلد ہی صحت یاب ہو گیا اس وجہ سے

گورنر کے دل میں اس کی عزت بڑھ گئی اور اسے گورنر کی قربت حاصل ہوگئی۔ گورنر نے اسے اپنا بہترین کتب خانہ جس میں اس دور کی مروجہ علوم و فنون پر بہترین کتابیں موجود تھیں اس کے سپرد کر دیا اس طرح ابن سینا کو کتابوں سے استفادہ کا پورا پورا موقع حاصل ہوگیا اور اس نے خوب فائدہ اٹھایا ابن سینا نے اپنی مشہور روزگار کتاب القانون ۲۲ سال کی عمر میں تصنیف کی اس کے علاوہ مختلف علوم مثلاً طب۔ فلسفہ۔ منطق اور علم ہیئت میں متعدد کتب و رسائل تصنیف کئے۔

القانون پانچ حصوں پر منقسم ہے اول کلیات طب دوم ادویہ مفردہ سوم امراضِ اعضاء جسمانی چہارم حمیات پنجم ادویہ مرکبہ۔

ابتدا: بعد حمد۔ فقد التمس منی بعض خلص اخوانی

خاتمہ: شراب یتخذ بعصارۃ الورد مع عسل۔

ترقیمہ: تم الکتاب الاقرابادین وبتمامہ تمت الکتاب الخامسۃ المشتملۃ علی القانون والحمد للہ رب العالمین۔

کیفیت: مخطوطہ بہت اچھی حالت میں ہے حواشی قدرے کرم خوردہ اور حواشی پر تشریحات ابتدا میں ۲۸ اوراق پر فہرست عنوانات و مضامین۔ ترقیمہ کے نیچے ایک گلدان پانچ چھوٹے سرخ پھولوں کا گلدستہ اس کے نیچے دو سطریں سیاہ روشنائی سے مٹائی ہوئی۔ اور اوپر افقی سطر بھی اسی طرح مٹائی ہوئی غالباً کاتب سال کتابت اور مالک کا نام تھا۔

ورق ۸۲۔ ب پر کتاب ثانی ختم ہوتی ہے۔ خاتمہ کی آخری سطریں مخطوطہ کی اہمیت اور ندرت پر واضح اشارہ کرتی ہیں۔ " واذ قد و فینا فیما و عدنا فنشرع الآن فی الکتاب الثالث طبع نسخ الکتاب الثانی من نسخۃ کانت بخط السید الامام اسمٰعیل بن الحسن الیمنی و ذکر فی اخر کتابہ انہ نقل من تعلیق الشیخ الرئیس ابی علی بن سینا۔


یعنی کتاب الثانی کے کاتب امام اسمٰعیل بن الحسن الحسینی تھے اور جس نسخے سے انھوں نے نقل کیا تھا اس پر شیخ الرئیس کے دستخط ثبت تھے۔ ایک تاریخی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس مخطوطہ کو جناب حکیم نصیر الدین ندوی نے محترم حکیم حافظ محمد سعید صاحب کی خدمت میں ہدیہ پیش کیا ہے۔

"ہدیہ سعید بہ جناب مستطاب سعید الملک حکیم حافظ محمد سعید اسعدہ اللہ تعالیٰ فی الدارین۔"


ایں کتابے برتر از تاج و سریر ہدیۂ از بے نوائے ہم پذیر

محمد نصیر الدین

۲۲ر اپریل ۱۹۶۳ء



القانون کے ایک صفحہ کا عکس (دیکھیے صفحہ ۳۱)



شافی الاوجاع کے ایک صفحہ کا عکس (دیکھیے صفحہ ۹۷)

الف-۱
۲۴

القانون

مصنف:	ابن سینا ابو علی الحسین م ۴۲۸ھ ۱۰۳۶ء	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نسخ نفیس	اوراق:	۵۱۳
سطر:	۳۵	تقطیع:	۲۸×۱۶ سم
لوح:	مطلا و مذہب	جدول:	نیلگوں طلائی و شنگرفی

TITLE : AL-QANUN
AUTHOR : IBN SINA
LANGUAGE : ARABIC

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ وبعد فقد التمس منی بعض خلص اخوانی

خاتمہ: شراب۔ یتخذ بعصارۃ الورد مع العسل۔

ترقیمہ: تمت الکتاب . . . . . .

کیفیت: قانون کا یہ مخطوطہ کتب خانہ میں موجود دونوں قانون کے مخطوطات سے نفیس و اعلیٰ ہے۔ خط نسخ نہایت نفیس اور خفی جدولین نہایت باریک خط میں نیلگوں اور نیلگوں خط کے درمیان میں طلائی جلی خط میں۔

یہ مخطوطہ جناب حکیم عبدالحمید صاحب مالک ہمدرد دواخانہ دہلی کی خدمت میں اردو کے مشہور مزاح نگار مرزا عظیم بیگ چغتائی مرحوم نے نذر کیا تھا۔ ان کی دستخطی عبارت درج ذیل ہے۔

اس کتاب کو میں انتہائی خلوص کے ساتھ جناب حاجی عبدالحمید صاحب مالک ہمدرد دواخانہ دہلی کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کرتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف۔ خاکسار عظیم بیگ چغتائی (چغتائی منزل) سردارپورہ — جودھپور۔ ۹ اپریل ۱۹۳۴ء۔

کہیں کہیں حواشی پر قدرے کرم خوردگی کے نشانات۔ ورق ۹۲ سے جلد دوم شروع ہوتی ہے۔ حاشیہ پر کسی نے "فی الادویۃ المفردہ جلد دوم از قانون" تحریر کیا ہے اور وہیں ایک چھوٹی بیضاوی مہر بنام ثناء اللہ ۱۱۶۶ھ ثبت ہے۔

ورق ۲۷۶ پر کتاب الرابع ختم ہوتی ہے خاتمہ کے بعد نیچے دو چھوٹی بیضاوی مہریں لیکن مٹائی ہوئی اسی طرح ورق ۱۶۱ ب ۱۸۳ الف ۲۶۲ ب ۳۸۹ الف اور ۲۷۶ الف پر بھی مہریں مٹائی ہوئی۔

ورق ۲۸۸ ب پر خط نسخ میں یہ عبارت درج ہے "در عہد محمد شاہ در سنہ بیست ویکم ..... از آگرہ معرفت عزیز دلہا ملا اسد اللہ جیو ...... طلبا بودم در قصبہ کول بدور فتح علی خان" عبارت میں نقطے لگے ہوئی جگہوں پر سیاہ روشنائی سے مٹانے کا نشان ہے۔ ورق ۲۸۹ پر چند فارسی اشعار یا تو مٹا دیئے گئے ہیں یا ان پر خط کھینچ دیتے گئے ہیں۔

الف ۱۰
۲۵

القانون

مصنف:	ابن سینا	زبان:	عربی		
کاتب:	محمود خان	سالِ کتابت:	نامعلوم		
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۱۷۱		
سطر:	۲۵	تقطیع:	۱۹x۳۲ سم		
لوح:	مطلا و مذہب	جدول:	نیلگوں وطلائی		

TITLE : AL-QANUN
AUTHOR : IBN SINA
SCRIBE : MAHMUD KHAN
LANGUAGE : ARABIC

مخطوطہ جلد ثالث و رابع پر مشتمل ہے۔ ثالث امراض اعضاء و جسم و رابع در حمیات۔

ابتدا: الکتاب .... فی امراض المختصۃ بعضو عضو

خاتمہ: و باخرہ مرہم الباسلیقون۔

ترقیمہ: تمت تمام شد۔ نویسندہ رانیست فردا امید نوشتہ بماند سیہ بر سفید محمود خان........

کیفیت: محمود خان کے بعد آگے کے الفاظ مٹا دیتے گئے ہیں۔ سنہ کتابت بھی مٹا دیا گیا ہے۔

الف-۱
۲۶

القانون

مصنّف:	ابن سینا	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نسخ جلی نفیس	اوراق:	۲۴۳
سطر:	۱۲	تقطیع:	۲۵ x ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : AL-QANUN
AUTHOR : IBN SINA
LANGUAGE : ARABIC

مخطوطہ القانون کی، تعلیم ثالث من الفن الثانی فی النبض سے شروع ہوتا ہے۔

ابتدا: واما الغشی والتشنج فیلحقها

آخر: مستعینا باللہ العلی العظیم والحمد للہ تعالی رب العالمین والصلوٰۃ علی محمد والہ اجمعین۔

ترقیمہ: تمت کلیات القانون بعون اللہ تعالی شانہ۔

کیفیت: اوّل وآخر ناقص مخطوطہ نہایت خوش خط اور جلی نسخ میں لکھا گیا ہے۔ حواشی پر تشریحات اور سریانی رسم الخط میں بعض بعض حواشی پر تحریریں۔ حواشی قدرے کرم خوردہ۔

الف-۱
۲۷

القانون کتاب الصداع

مصنّف:	ابن سینا	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نسخ نفیس	اوراق:	۹۹
سطر:	۲۳	تقطیع:	۲۶x۱۷ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : AL-QANUN KITAB AL-SUDA'
LANGUAGE : ARABIC

ابن سینا کی کتاب القانون کے مقالہ اول کے باب سوم از فن سوم کا حصہ کتاب الصداع۔

ابتدا: الباب الثالث من المقالۃ الاولیٰ

آخر: من المقالۃ الاولیٰ فی الیقظۃ والسھر۔

کیفیت: متعدد مقامات پر متن میں چھوٹی ہوئی عبارتوں کا حاشیوں پر اضافہ۔ حواشی قدرے کرم خوردہ از ورق ۱۳ تا ورق ۹۶ متن قدرے کرم خوردہ۔ مخطوطہ کا آخر الفصل الثانی الخ لکھنے کے بعد کاتب کسی وجہ سے کتاب مکمل نہ کر سکا۔ عنوان لکھنے کے بعد صفحہ کا چوتھائی حصہ سادہ ہے۔ کتابت نہایت اہتمام سے کی گئی ہے۔

تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۱
۲۸

کفایہ مجاہدیہ یا کفایہ منصوری

مصنف:	منصور بن محمد بن احمد	زبان:	فارسی
	م بعد ۸۵۶ھ	سال کتابت:	نامعلوم
کاتب:	نامعلوم	اوراق:	۲۱۰
خط:	نسخ نفیس	تقطیع:	۲۲ × ۱۲سم
سطر:	۱۷	جدول:	ندارد
لوح:	ندارد		

TITLE : KIFAYAH MUJAHIDIYYAH OR
KIFAYAH MANSURI
AUTHOR : MANSUR BIN MOHAMMAD BIN AHMAD
LANGUAGE : PERSIAN

کتاب دو فنون پر منقسم ہے فن اول در قسم طب یعنی نظری و عملی فن دوم در ذکر ادویہ مفردہ و مرکبہ ہر فن متعدد مقالات پر اور مقالات متعدد ابواب پر منقسم ہیں۔

کتاب کا انتساب مجاہد السلطنت والدین سلطان زین العابدین کے نام ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت بر نظر بصیرت اصحاب و بصر،

آخر: تخم ہر یک سہ درم۔

کیفیت: مخطوطہ از آخر ناقص، حواشی پر تشریحات۔ قدرے کرم خوردہ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۲۹

کفایہ مجاہدیہ یا کفایہ منصوری

مصنف:	منصور بن محمد بن احمد	زبان:	فارسی
کاتب:	شیخ محمد ابن قدرت اللہ	سالِ کتابت:	۱۲۰۰ھ
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۱۸۱
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۴x۱۳سم
لوح:	شنگرفی	جدول:	شنگرفی

TITLE	:	KIFAYAH MUJAHIDIYYAH OR KIFAYAH MANSURI
AUTHOR	:	MANSUR BIN MUHAMMAD BIN AHMAD
SCRIBE	:	SHAIKH MOHAMMAD
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1200 HIJRAH

ابتدا: اما بعد بر نظر اصحاب بصیرت و بصر۔

خاتمہ: واللہ اعلم بحقائق الامور والحمد للہ علی مساح وسحور۔

ترقیمہ: تمت تمام شد ہذا الکتاب بروز چہار شنبہ بتاریخ پانزدہم ماہ جمادی الاول بوقت بین العصر والمغرب سنہ ہجری یک ہزار دو صد یک ہزار (کذا) در نارواں بید احقر العباد حقیر پر تقصیر شیخ محمد ابن قدرت اللہ بن شیر محمد بپاس خاطر برخوردار سعادت اطوار محمد بخش ... اللہ تعالی عمرہ سرانجام انصرام یافت۔

من نوشتم صرف کردم روزگار — من نمانم ایں بماند یادگار — من نوشتم آنچہ دیدم در کتاب
بیشتر واللہ اعلم بالصواب

کیفیت: ورق ۱۸۰ پر ایک بڑی مربع مہر نصف نچلا حصہ سیاہی کی کمی کی وجہ سے واضح نہ ہو سکا۔ اوپر درمیان میں

"محمد شاہ" اس سے اوپر ایک لفظ جو پڑھا نہ جا سکا۔ قدرے کرم خوردہ خاتمہ کے بعد پانچ صفحات میں مختلف نسخہ جات برائے جذام آتشک چنبل وغیرہ۔

الف-۱
۳۰

کفایہ مجاہدیہ یا کفایہ منصوری

مصنف:	منصور بن محمد بن احمد	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۲۵۶
سطر:	۱۵	تقطیع:	۲۶ x ۱۴ س م
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KIFAYAH MUJAHIDIYYAH OR KIFAYAH MANSURI
AUTHOR : MANSUR BIN MOHAMMAD BIN AHMAD
LANGUAGE : PERSIAN

اسی مصنف کی کتاب کا یہ تیسرا نسخہ ہے۔ پہلا صفحہ کسی نے بعد میں لکھ کر مخطوطہ مکمل کیا ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ اما بعد بر نظر اصحاب بصیرت

خاتمہ: بماند ہمین عمل کند واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والماب۔

ترقیمہ: تمت تمام شد کفایہ منصوری۔

امی بیا مرزاین ہر سہ را — بخوانندہ بینندہ نویسندہ را

غریق رحمت یزداں کسے باد — کہ کاتب را بالحمد کند یاد

کیفیت: دو قسم کے خط اور دو سائز کے کاغذ استعمال ہوتے ہیں۔ درمیان میں کاغذ کا سائز ۲۲ x ۱۴ س م ہے حواشی و متن قدرے کرم خوردہ۔

الف-۱
۳۱

کفایہ مجاہدیہ یا کفایہ منصوری

مصنف:	منصور بن محمد بن احمد	زبان:	فارسی

کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	۱۲۱۸ھ
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۲۲۰
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۴×۱۲ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KIFAYAH MUJAHIDIYYAH OR KIFAYAH MANSURI
AUTHOR : MANSUR BIN MOHAMMAD BIN AHMAD
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1218 HIJRAH

ابتدا: امابعد بر نظر ارباب بصیرت وبصر۔

خاتمہ: طلا کنند ہمین عمل نماید۔

ترقیمہ: تمت تمام شد کفایہ مجاہدیہ مشہور بکفایہ منصوری بتاریخ چہارم شہر ذی قعدہ ۱۲۱۸ ایک ہزار دو صد وہجری نبوی تم تم تم۔

کیفیت: ورق ایک الف پر جلی حروف میں یہ عبارت "بتاریخ چہارم رمضان ۱۲۱۸ ہجری نسخہ کفایہ مجاہدیہ یعنی کفایہ منصوری .... گشتہ و داخل مکتب ہا نمودہ شد۔ دستخط۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۱
۳۲

کفایہ مجاہدیہ یا کفایہ منصوری

مصنف:	منصور بن محمد بن احمد	زبان:	فارسی
کاتب:	خواجہ محمد علی اعظمی	سالِ کتابت:	۱۲۳۹ھ
خط:	نستعلیق	اوراق:	۱۸۸
سطر:	۱۹	تقطیع:	۲۶×۱۷ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KIFAYAH MUJAHIDIYYAH OR KIFAYAH MANSURI
AUTHOR : MANSUR BIN MOHAMMAD BIN AHMAD
SCRIBE : KHAWJA MOHAMMAD ALI AZAMI
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1239 HIJRAH

ابتدا: امابعد برنظر ارباب بصیرت وبصر

خاتمہ: مالند ہمین عمل کند واللہ اعلم۔

ترقیمہ: تمت تمام شد کتاب الطب کفایہ منصوری بخط .... احقر العباد خواجہ محمد علی مخدوم اعظمی در شہر سہرند بمکان عام خاص یکم پاس روز برآمدہ روز شنبہ بتاریخ چہارم محرم الحرام ۱۲۳۹ ہجری

ہر کہ خواند دعا طمع دارم — زانکہ من بندہ گناہ گارم
نوشتہ بماند سیہ بر سفید — نویسندہ را نیست فردا امید
من نوشتم صرف کردم روزگار — من نمانم ایں بماند یادگار
الٰہی ببا مرزا ایں سہ را — مصنف نویسندہ خوانندہ را

کیفیت: عبارت میں املا کی غلطیاں حواشی پر مختلف عبارتیں۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۱
۲۲

مجمع الجوامع

مصنف:	نامعلوم	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۱۰۳
سطر:	۲۶	تقطیع:	۲۶×۱۸ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : MAJMA' AL-JAWAMI
LANGUAGE : ARABIC

کلیاتِ طب اور معالجات میں ایک اہم کتاب۔ ابتداء میں کلیات طب سے بحث کی ہے۔ اس کے بعد دواوں کے نام کے بعد تفصیل سے ہر دوا کی تاثیر اور علاج۔

ابتدا: بعد حمد و نعت امابعد فھذا ہو الفن الثالث من الفنون الخمسۃ

آخر: ماذکر فی علاج مادة السوداء المختلط بالدم

کیفیت: مختلف مقامات پر حواشی میں تشریحات۔ حواشی کرم خوردہ۔ ورق ایک الف اور ب پر تین اور چار مہریں۔ تین بیضاوی انگریزی حروف میں۔ اور چار چھوٹی مربع فارسی رسم الخط میں۔ سوائے ایک مہر کے بقیہ انگریزی اور فارسی حروف کی مہریں ایک ہی شخص کی ہیں۔ مربع مہروں میں یہ نام پڑھا جا سکا۔ نواب سید محمد مہدی خاں بہادر رئیس چیت پور۔ ۱۲۹۵ء انگریزی مہر "سید محمد مہدی اور نیچے مرشد آباد۔ درمیان میں بنگلہ رسم الخط۔ ورق ایک الف پہ مربع قدرے بڑی مہر" سید احمد۔۔۔ ۱۲۵۱ھ
تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

المغنی فی شرح الموجز یا سدیدی

الف-۱
۳۴

مصنف:	سدید الدین ابن ضیاء الدین	زبان:	عربی		
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم		
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۰۴		
سطر:	۲۲	تقطیع:	۱۵×۳۰سم		
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

TITLE : AL-MUGHNI FI SHARAH AL-MUJAZ OR SADIDI
AUTHOR : SADIDUDDIN IBN ZIAUDDIN
LANGUAGE : ARABIC

مخطوط موجز القانون مصنفہ علاء الدین علی بن الحزم القرشی ابن نفیس متوفی ۶۸۷ھ ۱۲۸۸ء کی شرح ہے۔ شارح نے موجز یا خلاصہ قانون شیخ کی بہتر شرح کر کے زیادہ مفید اور آسان کر دیا ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت فلما کان احتیاج عوام الناس

خاتمہ: من مثقال الی درہمین مع ورد العربی۔

ترقیمہ: قال افضل الاطباء والحکماء وشارح الکتاب ومؤلفہ مولانا سدید الملة والدین الکازرونی طاب ثراہ وجعل الجنة مثواہ بحمد والہ۔۔۔ الطاہرین ہذا ما التقطہ من القرابادینات المعتمد علیہا لیکون الکتاب جامعا معینا علی کتب الشتی والحمد اللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والماب تم شرح کتاب الثانی من الموجز بعون اللہ وحسن توفیقہ۔

کیفیت: حواشی پر دواؤں اور پھلوں کے ناموں کا اکثر مقامات پر مترادف ہندوستانی نام۔ مخطوطہ بہت اچھی حالت میں ہے۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

ورق ایک الف پر مالکِ کتاب کا نام مٹانے کی کوشش کی گئی ہے لیکن نام پڑھا جا سکا۔ دو فی ملک ابی الخیر محمد عبدالرحمان بن الحافظ الحاج محمد حق نواز عفا اللہ عنہما۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ۱۰ / ۳۵/۱/۲

المغنی فی شرح الموجز یا سدیدی

مصنف:	سدیدالدین ابن ضیاء الدین	زبان:	عربی
کاتب:	رضا الحسینی	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نسخ جلی نفیس	اوراق:	۵۷۰
سطر:	۱۳	تقطیع:	۳۰ x ۱۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	طلائی و نیلگوں

TITLE	:	AL-MUGHNI FI SHARAH AL-MUJAZ OR SADIDI
AUTHOR	:	SADIDUDDIN IBN ZIAUDDIN
SCRIBE	:	RIZA AL-HUSAINI
LANGUAGE	:	PERSIAN

المغنی کا یہ دوسرا نسخہ ہے۔ اس کی کتابت نہایت اہتمام اور نفاست سے کی گئی ہے۔ حروف نہایت جلی اور واضح ہیں۔ جگہ جگہ حواشی پر الفاظ جملوں اور عبارتوں کو خفی خط میں نہایت باریک طلائی خطوط سے محدود کر دیا ہے۔ حواشی کی عبارتیں بھی کاتب متن ہی نے لکھی ہیں۔ یہ نسخہ حسنِ کتابت نفاست تحریر و خوبصورتی کی وجہ سے کتب خانہ کے لیے باعثِ زینت ہے۔

ابتدا: الفن الثالث فی الامراض المختصہ بعضو بعضو

خاتمہ: و مکافاۃ علومہ و حکمہ و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ و سلم تسلیما کثیرا کثیرا و الحمد للہ رب العالمین۔

ترقیمہ: تم شرح الموجز علی ید اضعف العباد رضای الحسینی غفر اللہ لہ ذنبہ۔

کیفیت: پہلا نسخہ فن اوّل اور فن ثانی تک ہے نسخہ دوم از فن ثالث تا آخر اس طرح دونوں نسخے مکمل ہو جاتے ہیں۔

نئی جلد بندی کرتے ہوئے کتاب کی ضخامت کی وجہ سے اسے تین حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ مخطوطہ کی تجلید نہایت اہتمام اور مہارت فن سے کی گئی ہے ہر ورق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیا گیا ہے۔ متن اور حواشی کی اصل کاغذ کے رنگ کے مطابق پیوندکاری کی گئی ہے۔

الف-۱
۳۶

مفرح القلوب

مصنف	محمد اکبر بن حاجی محمد مقیم ارزانی	زبان:	فارسی
م ۱۱۳۰ھ ، ۱۷۱۷ء		سال کتابت:	نامعلوم
کاتب:	نامعلوم	اوراق:	۴۰۰
خط:	نستعلیق جلی	تقطیع:	۲۷ × ۱۵ سم
سطر:	۲۰	جدول:	ندارد
لوح:	ندارد		

TITLE : MUFARRIH AL-QULUB
AUTHOR : MOHAMMAD AKBAR ARZANI
LANGUAGE : PERSIAN

محمود بن محمد بن عمر چغمینی خوارزمی کی کتاب قانونچہ کی شرح۔ اس کے علاوہ ارزانی کی تصانیف طب اکبر حدود امراض وغیرہ بھی ہیں۔ کتاب ایک مقدمہ اور چار مقالات پر مشتمل ہے ہر مقالہ متعدد فصلوں پر۔

ابتدا: از مستحیل ستدن بخون است

خاتمہ: غرض ازیں محنت وارقام محض انتفاع عام است والسلام۔

ترقیمہ: وقد وقع الفراغ من تحریر ہذہ النسخۃ المسمی بمفرح القلوب من تصانیف جامع الفوائد طبیہ وبادی قواعد علمیہ وعملیہ مخترع قوانین کلیہ وجزئیہ مع احکام احادہ ومرکبہ سالک مسالک سبحانی شاہ محمد ارزانی غفر اللہ ولوالدیہ تمت تمام شد۔

کیفیت: ابتدا ناقص۔ ابتدائے تصنیف آخر عہد عالمگیر اورنگ زیب۔ اختتام ابتدائے عہد محمد فرخ (۱۱۲۴ھ ۱۱۱۳ء) حواشی پر پیوندکاری۔ مختلف اوراق پر تحریریں کہیں جلی اور کہیں خفی۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے

مصنف ساتویں صدی ہجری کا مشہور فقیہ، منطقی اور طبیب تھا۔ موجز کے علاوہ شرح کلیات قانون اور الشامل اس کی تصنیفات ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ الشامل اگر مکمل ہو جاتی تو تین سو جلدوں پر پھیلی ہوئی ہوتی۔

یہ کتاب القانون کی تلخیص ہے۔ کتاب کو چار فنون پر تقسیم کیا ہے (۱) قواعد اجزاء طب علمی وعملی (۲)، ادویہ و اغذیہ (۳)، امراض الاعضاء (۴)، ایسے امراض جن کا کسی اعضاء سے تعلق نہ ہو امراض کے اسباب اور ان کا علاج۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ فقد رتبت ہذا الکتاب علی اربعۃ فنون۔

خاتمہ: من العلاج المذکورۃ ھٰھنا۔

ترقیمہ: تمت ہذہ الکتاب المسمی بالموجز فی علم الطب بفضل ومنہ ولطفہ بید الضعیف المذنب فی الدنیا والدین ختم شد۔

کیفیت: تمام حواشی پر عبارتیں آخری اوراق کرم خوردہ اکثر اوراق وصالی شدہ ابتدا اور آخر میں بطور بیاض نسخہ جات وغیرہ کسی شاعر متخلص نادر نے اپنے مولوی صاحب کی شان میں چند اشعار کہے ہیں۔ مقطع۔

کریں جو آپ کی کچھ خوبیوں کا ہم بیان نادر — نہیں مقدور یہ ہرگز ہمارا مولوی صاحب

تاریخ دوم ماہ شعبان ۱۲۲۴ھ بروز پنج شنبہ مقام چھاؤنی مئو۔

الف ۱۰ / ۴۰

وافیہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی	اوراق:	۹۱
سطر:	۱۹	تقطیع:	۱۳×۲۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : WAAFIYYAH
LANGUAGE : PERSIAN

وافیہ چغمینی کی کتاب قانونچہ کی شرح وخلاصہ ہے۔ کتاب کی ترتیب بالکل وہی ہے جو قانونچہ کی ہے یعنی دس

مقالوں اوران کی متعدد فصلوں پر مشتمل ہے۔ کتاب کا زمانہ تصنیف تیموری شہزادہ سلطان شاہرخ کے انقلابی دور ۸۵۰ھ مطابق ۱۴۴۶ء ہے۔ مصنف نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا ہے کتب خانہ میں موجود تمام فہارس مخطوطات میں مصنف کے بارے میں لاعلمی ظاہر کی گئی ہے۔

ابتدا: بعد حمد ونعت۔ بدان اعزک اللہ فی الدارین کہ این مختصریست۔

خاتمہ: جگر و سپرز و گردہ راپاک کند انشاء اللہ تعالٰے۔

ترقیمہ: تمت تمام شد نسخہ برکیہ بنام وافیہ لا الہ الا بعون اللہ تعالیٰ در ماہ مبارک اللہ محمد رسول اللہ در رمضان شریف بوقت عصر نوشتہ شد مالکہ بہادر ساکن موضع تہنہ موسی بقیمت مبلغ سہ روپیہ گرفتہ شد باکتاب دیگر از دست اسمہ ج رم ت . . . .


کیفیت: حاشیہ پر ایک اور کتاب موسومہ "مجربات جالینوس الزمانی حکیم علی گیلانی منقول از نسخہ از حکیم جعفر اکبرآبادی ابتدا "وشقیقہ کہ نہایت شدید و ہولناک بود" اس میں امراض کے نام، تفصیل اور علاج۔ ورق ایک الف پر طبی اوزان تمت کے بعد مختلف فارسی اشعار بسم اللہ سے اوپر ایک چھوٹی بیضاوی مہر "بندہ ازدل وجان غلام رسول" بچکانہ حروف میں مہر کی داہنی جانب احمد شاہ ستار شاہ مکارم شاہ اور غلام شاہ تحریر ہے۔ خاتمہ مخطوطہ کے بعد صفحات پر نسخہ جات متفرقہ اور تعویذ نقش وغیرہ۔ صفحہ چھ پر از حضرت آدم تا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام پیغمبروں کے درمیانی زمانہ کی تفصیل۔ از صفحہ ۷ تا آخر مختلف نسخہ جات نچلے حواشی کے کونے دریدہ۔ جابجا آب خوردہ۔

الف-۱
۱۴

وافیہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	۱۰۹۴ھ
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۱۸۳
سطر:	۱۲	تقطیع:	۱۶×۸ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : WAAFIYYAH
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1094 HIJRAH



تذکرۃ الکحالین کے ایک صفحہ کا عکس (دیکھیے صفحہ ۷۷)

علم الادویہ وقرابادین

[الف — ۲]

الف-۲۰
۱

اختیارات بدیعی

مصنف:	زین الدین عطار شیرازی	زبان:	فارسی
کاتب:	غلام علی	سالِ کتابت:	۱۱۳۵ھ
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۰۶
سطر:	۲۱	تقطیع:	۲۸×۲۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE	:	IKHTIYARAT BADI'I
AUTHOR	:	ZAINUDDIN ATTAR SHIRAZI
SCRIBE	:	GHULAM ALI
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1135 HIJRAH

مصنف نے ۷۷۰ھ/۱۳۶۸ء میں امیر مبارز الدین محمد بن ظفر کی ایک بیٹی شاہزادی خانم بدیع الجمال کے لیے یہ کتاب تصنیف کی۔ کتاب دو مقالوں پر مشتمل ہے مقالہ اوّل ادویہ مفردہ مقالہ دوم ادویہ مرکبہ دواؤں کے نام حروف تہجی کے اعتبار سے ہیں ساتھ ہی ایک دوا کے کئی کئی نام لکھے ہیں مرکب ادویات تیرہ ابواب پر منقسم ہیں پہلا باب مفردات میں اور آخری باب متفرقات پر مشتمل ہے چونکہ ابتدا ناقص ہے موجود ورق کی پہلی سطر کی ابتدا۔

ابتدا: در اوّل درجہ در دوم تراست۔

خاتمہ: بچہ مردہ رابیفگند ہذا آخر الکلام الحمد للہ رب العالمین۔

ترقیمہ: تم الکتاب بعون الملک الوہاب در تاریخ بیست دو یم ماہ محرم ۱۱۳۵ھ خاک مخلوق کاتبہ احمد قلعہ پانکر تمام شد وقت فجر تمام شد ایں کتاب بدیعی۔

کیفیت: مخطوطہ کے آخری ورق کے بعد ایک ورق جس پر اسی کا ہندسہ درج ہے کسی طبی لغت کی کتاب کا آخری صفحہ ہے۔ پہلی سطر کا پہلا لفظ "یمن" اور آخری لفظ میانی ہے۔ اس کا ترقیمہ یوں ہے "تمت تمام شد کار من نظام شد کاتب الحروف فقیر حقیر مسکین من عباد اللہ الصمد غلام علی ولد محمد جعفر صاحب ساکن شہر حسن آباد عرف گلبرگہ شریف بتاریخ پانزدہم ماہ رجب المرجب روز دوشنبہ بوقت یک پاس روز بر آوردہ بود باتمام رسید ۱۲۵۹ھ حسب الفرمائش اسمٰعیل خان۔" تمام مخطوطہ جگہ جگہ کرم خوردہ و آب خوردہ اوراق وصالی شدہ۔ حواشی پر اکثر مقامات پر تشریحات و تفصیلات۔

الف-۲۰
۲

اصول التراکیب — اصول تراکیب الادویہ

مصنف:	نجیب الدین ابو حامد سمرقندی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی	اوراق:	۴۲
سطر:	۱۷	تقطیع:	۱۸ × ۱۲ سم
لوح:	ندارد	جدول:	نیلگوں و شنگرفی

TITLE : USUL AL-TARAKIB — USUL TARAKIB AL-ADWIYYAH.
AUTHOR : NAJIBUDDIN ABU HAMID SAMARQANDI
LANGUAGE : ARABIC

مصنف فخر الدین رازی کا معاصر تھا اس کی تصانیف الاسباب والعلامات، اغذیہ المرضیٰ فی سائر الامراض، کتاب الاقرابادین۔ کتاب الاغذیہ والاشربہ لاصحا۔

زیرِ نظر مخطوطہ کا نام فہارس مخطوطات کتب خانہ میں سے کسی میں دستیاب نہیں ہوا۔ تاتاریوں کی یلغار اور قتلِ عام میں نجیب الدین سمرقندی کو بھی قتل کر دیا گیا تھا۔

مخطوطہ ایک مختصر قرابادین ہے ادویہ کے نام حروف تہجی کے اعتبار سے لکھے ہیں۔ غذاؤں کے نام، ان کے اثرات فوائد اور نقصانات کی تفصیلات بیان کی ہیں۔ ہر قسم کے پانی کے اثرات بیان کئے ہیں۔ عربی ناموں کے ساتھ ساتھ اکثر مقامات پر فارسی نام بھی لکھے ہیں۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ ان الواجب علی کل ذی لب۔

خاتمہ: دھن اللوز ویقال لہ الحریرۃ۔

ترقیمہ: باتمام رسید نسخہ متبرکہ اصول التراکیب من تصانیف ملا نجیب الدین سمرقندی قدس سرہ العزیز الحمد للّٰہ علی ولیہ والصلوٰۃ علی نبیّہ محمد و آلہ اجمعین الی یوم الدین۔

کیفیت: مخطوطہ اچھی حالت میں ہے تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲
۲

الفاظ الادویہ

مصنف: نورالدین محمد بن عبداللہ شیرازی زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم سالِ کتابت: نامعلوم

خط: نسخ نفیس خفی اوراق: ۱۵۱

سطر: ۱۸ تقطیع: ۲۱ x ۱۲ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE : ALFAZ AL-ADWIYYAH
AUTHOR : NURUDDIN MOHAMMAD BIN ABDULLAH SHIRAZI
LANGUAGE : PERSIAN

ادویہ مفردہ کے نام بہ ترتیب حروف تہجی۔ یونانی عربی فارسی ہندی سریانی وغیرہ زبانوں میں جن جن دواؤں کے نام مصنف کو معلوم ہو سکے ہیں درج کیے ہیں۔ کتاب ایک مقدمہ ایک نتیجہ اور خاتمہ پر مشتمل ہے ہر عنوان متعدد "فائدہ" پر مشتمل ہے۔ خاتمہ میں ایسی چند دواؤں کے نام اور ان کی تاریخی تحقیق جن کا قدماء کے ہاں کم ذکر ہے۔ مثلاً قہوہ چائے، تمباکو وغیرہ۔

ابتدا: بعد حمد و نعت و بعد می سراید خادم الاطبا نیازمند درگاہ بے نیازی

خاتمہ: از لقب گر برآں کنی شکل سال ختم رقوم گردد حل

ترقیمہ: تمت الکتاب بعون الملک الوہاب م م

کیفیت: حواشی پر بھی "ذانات جلی نستعلیق میں نہایت خوش خط درج ہیں۔ کتاب کا سنہ تصنیف "الفاظ ادویہ" سے ۱۰۳۸ھ (۱۶۲۸ء) برآمد ہوتا ہے جیسا کہ مصنف نے ایک شعر میں کہا ہے: "تاریخ و نام نیز شد الفاظ ادویہ" ترقیمہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے۔ "کتاب نواب امیر الامراء بہادر مرقوم ہشتم شوال ۱۱۴۲ھ (۱۷۳۰ء) مخطوطہ قدرے آب خوردہ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲
۴

الفاظ الادویہ

مصنف: نورالدین محمد بن عبداللہ شیرازی — زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم — سال کتابت: نامعلوم

خط: نستعلیق — اوراق: ۷۳

سطر: ۱۵ — تقطیع: ۲۱×۱۲ سم

لوح: ندارد — جدول: ندارد

TITLE : ALFAZ AL-ADWIYYAH
AUTHOR : NURUDDIN MOHAMMAD BIN ABDULLAH SHIRAZI.
LANGUAGE : PERSIAN

نسخہ دوم۔ نسخہ اوّل کے مقابلہ میں اس میں کافی اختلاف ہے۔ اکثر تفصیلات کم کردی گئی ہیں۔

ابتدا: یذکر انشق القمر وعقل جزاز پر تورائے

آخر: وکسر زاء معجمہ ف نوعے

کیفیت: ابتدائی تین صفحات ندارد۔ اور آخر صرف حرف خ ب تک۔ درمیان میں چند اوراق پر دواؤں کے ناموں کی جگہیں خالی صرف معانی اور تشریح۔ حواشی پر پیوندکاری بعض اوراق آب خوردہ۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۲
ضمہ ۳۷

الفاظ الادویہ

مصنف: نورالدین محمد بن عبداللہ شیرازی — زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم — سال کتابت: ۱۲۴۲ھ

خط: نستعلیق — اوراق: ۱۵۲

سطر: ۱۵ — تقطیع: ۲۰×۱۳½ سم

لوح: ندارد — جدول: ندارد

TITLE	:	ALFAZ AL-ADWIYYAH
AUTHOR	:	NURUDDIN MOHAMMAD BIN ABDULLAH SHIRAZI
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1242 HIJRAH

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ اما بعد فقیر حقیر نور الدین محمد عبد اللہ

خاتمہ: کہ رطوبت بسیار باشد تحلیل آن کند واللہ اعلم بالصواب۔

ترقیمہ: تمام شد بعون الملک الوہاب بتاریخ غرہ شہر جمادی الاول ۱۲۴۲ ہجری باتمام رسید کتاب الفاظ الادویہ

الٰہی ہر آنکس کہ ایں خط نوشت   عفو کن گناہش سطا کن بہشت۔
قاریا بر من مکن چندیں عتاب   کہ غلطاتے رفتہ باشد در کتاب

کیفیت: مخطوطہ کا یہ نسخہ سوتم ہے۔ کرم خوردگی سے پاک۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

بحر الجواہر فی حل لغات السائر

الف-۲۰
۵

مصنف:	محمد بن یوسف طبیب ہروی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	شکست	اوراق:	۲۳۴
سطر:	۱۱	تقطیع:	۲۰ x ۱۴ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE	:	BAHR AL-JAWAHIR FI HALL-E-LUGHAT AL-SAER.
AUTHOR	:	MOHAMMAD BIN YUSUF TABIB HARAWI
LANGUAGE	:	ARABIC

مصنف نے کتاب کا انتساب ظہیر الدولہ والدین محمد مشہور بہ امیر بیگ کے نام کیا ہے۔ سال تصنیف ۹۲۸ھ/ ۱۵۲۱ء علم طب سے متعلق عربی اسماء حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیے ہیں۔ اسماء اور ان کی تشریح۔ بعض بعض مقامات پر فارسی عبارت بھی استعمال کی ہے۔ اسی مصنف کی ایک اور کتاب اسی موضوع پر جواہر اللغۃ بھی

مخطوط از اوّل و آخر ناقص۔

ابتدا: ظہیر الدولہ والسعادات فی الدنیا والدین

آخر: یاقوت معروف وہو۔

کیفیت: اوراق کا نچلا حصہ متن کنارے سے دریدہ پیوندکاری کر کے نیا کاغذ لگایا گیا ہے۔ جابجا آب خوردہ۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲
ب

بحر الجواہر فی حل لغات السائر

مصنّف:	محمد بن یوسف طبیب ہروی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی	اوراق:	۴۶
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۳ x ۱۵ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE BAHR AL-JAWAHIR FI HALL-E-LUGHAT AL-SAER.
AUTHOR MOHAMMAD BIN YUSUF TABIB HARAWI
LANGUAGE ARABIC

نسخہ دوم ناقص۔ حرف س ق سے شروع ہو کر ن ع پر ختم ہو جاتا ہے۔

ابتدا: عسل الرطب وہو بستہ د جرع

آخر: وسحق وطلی علی . . . .

کیفیت: بعض بعض اوراق آب خوردہ۔

الف-۲
ج

تالیف شریف

مصنّف:	حکیم محمد شریف خان م ۱۲۲۲ھ، ۱۸۰۷ء	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	۲۶ جلوس اکبر شاہ

خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۰۵
سطر:	۱۱	تقطیع:	۲۰ x ۱۱ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TALIF-E-SHARIF
AUTHOR : HAKIM MOHAMMAD SHARIF KHAN
LANGUAGE : PERSIAN

ہندوستانی مفردادویات کے نام اور خواص بر ترتیب حروف تہجی ان کے علاوہ ہندوستانی پھلوں کے نام اور ان کے خواص کی تفصیل۔

راجہ بلم گڑھ اجیت سنگھ کی فرمائش پر میر قدرت اللہ نے کتاب کی تصحیح و ترتیب کی ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت اما بعد مجرم سراپا گناہ سید ابوالقاسم میر قدرت اللہ قادری

خاتمہ: موحدہ نامشہور است یعنی ہرمارلوری۔

ترقیمہ: تمام شد تحریر بتاریخ دوازدہم شہر ذالحجہ در دارالخلافہ شاہ جہاں آباد در ۲۶ جلوس حضرت معدلت پناہ خلیفہ رحمان ابوالمظفر محمد اکبر شاہ بادشاہ عاصی (کذا)، خلد اللہ ملکہ سلطانہ بن حضرت فردوس منزل یعنی حضرت شاہ عالم۔

نوشتہ بماند سیہ بر سفید   نویسندہ را نیست فردا امید

کیفیت: کاتب نے "عاصی" لکھا ہے یہ غازی کی خرابی ہے۔ ورق ۱۵۹ تا آخر خط بدلا ہوا ہے۔ مخطوطہ حرف ہ ر پر تمام ہوجاتا ہے مطبوعہ اور مخطوطہ میں ترتیب و تفصیلات میں کافی فرق ہے۔

الف ۲۰ / ۸

تحفۃ الآصفیہ فی صناعۃ الادویہ

مصنف:	انوار احمد اشرفی	زبان:	اردو
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی نفیس	اوراق:	۲۷

سطر: ۱۳ تقطیع: ۱۹×۳۰ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	TUHFAH AL-ASAFIYYAH FI SINA'H AL-ADWIYYA
AUTHOR	:	ANWAR AHMAD ASHRAFI
LANGUAGE	:	URDU

یونانی ادویہ بنانے کی ترکیبیں اور اصول دواسازی پر مفید معلومات۔ مصنف نے مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم کی فرمائش اور ہمت افزائی کے پیش نظر یہ رسالہ تصنیف کیا ابتدا میں فن کیمیا کا بھی مختصر تعارف۔

ابتدا: فن کیمیا علم طب کے لیے لازم بلکہ اس کا ایک جزء ہے۔

خاتمہ: اس کے بعد قوام شامل کیا جائے گا۔

کیفیت: حواشی قدرے آب خوردہ و کرم خوردہ۔

الف-۲۰/۹ تحفۃ المومنین یا تحفۂ حکیم مومن

مصنف: مومن بن محمد زمان حسینی زبان: فارسی

کاتب: سید قطب الدین سال کتابت: ۱۱۸۸ھ

خط: نسخ نفیس اوراق: ۲۲۸

سطر: ۲۶ تقطیع: ۱۸×۳۵ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	TUHFAH AL-MOMENIN OR TUHFAH-E HAKIM MOMIN.
AUTHOR	:	MOMIN BIN MOHAMMAD ZAMAN HUSAINI
SCRIBE	:	SYED QUTBUDDIN
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1188 HIJRAH

مصنف کتاب نے دواؤں کے نام حروف تہجی کے اعتبار سے لکھے ہیں۔ عربی، فارسی، ترکی، یونانی، ہندی نام اور ان کی تشریح۔

کتاب پانچ تشخیص اور ۲۴ ابواب پر مشتمل ہے ہر تشخیص مختلف عنوانات پر منقسم ہے سال تصنیف ۱۰۸۰ھ بعد

سلیمان شاہ صفوی (۱۰۷۷ھ، ۱۱۰۵ھ) پہلا ورق ندارد۔

ابتدا: مشہور بجامع بغدادی را در اکثر امور

خاتمہ: والافضال جدیر والحمد للہ رب العالمین۔

ترقیمہ: تمت الکتاب مفردات تحفۃ المؤمنین بعون اللہ المبین کاتب الحروف فقیر حقیر سید قطب الدین ابن حافظ سید محمد صاحب بخاری قدس سرہٗ بوقت نماز پیشین بروز دوشنبہ محرم الحرام ۱۱۸۸ ہجری

نوشتہ بماند بخط عزیب | کہ نصر من اللہ و فتح قریب
نوشتہ سالہا ماند ز کاتب | نشان در خاک جوئی ہم نیابی
نویسندہ رانیست فردا امید | نوشتہ بماند سیہ بر سفید

کیفیت: مخطوطہ اچھی حالت میں ہے۔ حواشی قدرے آب خوردہ۔ مختلف حواشی پر دواؤں سے متعلق وضاحتیں غالباً مالک کتاب حکیم احمد اللہ خان کے قلم سے۔

ترقیمہ کی آخری سطر کے نیچے ہی ایک چھوٹی مربع مہر "حکیم احمد اللہ خان ۱۲۲۷" ثبت ہے اور اسی کی بائیں جانب افقی سطروں میں یہ عبارت تحریر ہے۔

والد ماجد حضرت قبلہ گاہی حضرت حکیم کمال الدین خان صاحب قبلہ مرحوم در بلدہ قمر نگر "بخط قطبی صاحب تحریر کنانیدند حکیم احمد اللہ خان صاحب عطا فرمودند کریم ۔۔۔۔ "قادر قدرت است کہ برخوردار عطاء اللہ مد اللہ عمرہ و اقبال استفادہ ازیں "کتاب تحفۃ المؤمنین بہرہ اندوز شود بمنہ و کمال کرمہ ۱۲۳۰ھ" (۱۸۱۴ء)

خاتمۂ کتاب کے بعد پانچ اوراق پر نسخہ جات مثلاً "خواص عرقیات و عطریات فرنگ"، ساختن حبزات بادشاہان طریق ساختن بینیر لو سند اروی کافوری بابت استاذی مشفقی حکیم محمود وغیرہم۔ ایک رباعی آصف جاہ۔

گر شوی سلطان عالم بازچہ | جمع کردی گنج قارون بازچہ
چوں بدانستی کہ آخر مردنت | تا قیامت زندہ مانی بازچہ

الف-۲۰
۱۰

تحفۃ المومنین یا تحفۂ حکیم مومن

مصنف: مومن بن محمد زمان حسینی | زبان: فارسی
کاتب: نامعلوم | سال کتابت: نامعلوم

خط:	نستعلیق نفیس		اوراق:	۳۰۲	
سطر:	۲۱		تقطیع:	۲۸×۲۰سم	
لوح:	ندارد		جدول:	ندارد	

TITLE : TUHFAH AL-MOMENIN OR TUHFAH-E HAKIM MOMIN.
AUTHOR : MOMIN BIN MOHAMMAD ZAMAN HUSAINI
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ سفید چکنے اور باریک کاغذ پر لکھا ہوا ہے آخر ناقص۔

ابتدا: بعد حمد و نعت امابعد ..... ناظران حقائق رس مکشوف می دارد۔

آخر: و آزمودہ است ھیلہ لو اقاقلہ است۔

کیفیت: مخطوطہ الماء مع الیا کے پہلے لفظ ھیل بوا تک ہے ورق دو سو چار تک صفحات کی ابتدائی اور آخری سطروں کے اوپر اور نیچے نیلگوں و شنگرفی خط، حاشیہ کی جانب جدول نہیں ہے حاشیوں پر شنگرفی حروف میں عنوانات۔ اور سیاہی سے بعض تشریحات۔ مخطوطہ آب خوردہ آخری اوراق قدرے کرم خوردہ۔

ورق ایک الف حاشیہ پر بخط نسخ جلی یہ عبارت درج ہے "چند روز بعاریت کتاب تحفۃ المومنین را . . . . . عزہ شہر شوال المکر . . . . نمود کہ کاھے بکار برد . . . . . مومن بنا یدو مالکر اید . . . . . یاد نمایند طمع کنند . . . . خدا گرفتار شود بحق محمد فی تاریخ سنہ" اور اس عبارت کے اوپر یہ عبارت "مالک ایں کتاب از ہفتم محرم الحرام" . . . . . نام و مہر مٹائی ہوئی۔ ورق الف ب لوح میں اور اندر کئی جگہ حواشی پر ایک چھوٹی مربع مہر" او گھر سین" دیوناگری رسم الخط میں بھی یہی نام اس مہر میں۔

تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲
۱۱

تحفۃ المومنین یا تحفۂ حکیم مومن

مصنف	محمد مومن بن محمد زمان حسینی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	۱۲۳۱ھ
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۳۱۱

سطر:	۲۴	تقطیع:	۱۹x۲۸سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TUHFAH AL-MOMENIN OR TUHFAH-E HAKIM MOMIN.
AUTHOR : MOHAMMAD MOMIN BIN MOHAMMAD ZAMAN HUSAINI.
LANGUAGE : PERSIAN
DATED 1231 HIJRAH

ابتدا: وبعد بر ناظران . . . . . . این مکشوف می دارد

خاتمہ: بآلات حدیدی ہر گاہ بمالند دیگر رنگ نگیرد۔

ترقیمہ: تمام شد . . . . شہر جمادی الثانی . . . . شوال المکرم ۱۲۳۱ ہجری مقدسہ موافق ۱۲۲۴ فصلی در چہاردہم ماہ تمام۔

کیفیت: علم ہندسہ سے متعلق احادات ایک تا نو عشرات مآت والوف عدد لکھ کر تشریح کی ہے درمیان میں ایک ورق پر فالنامہ امیر المومنین حضرت علی منسلک ہے۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف۔۲۰
۱۲

تحفۃ المومنین یا تحفہ حکیم مومن

مصنف:	محمد مومن بن محمد زمان حسینی	زبان:	فارسی
کاتب:	بینی سہائے مرلی دھر	سال کتابت:	۱۲۳۳ھ
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۲۱۹
سطر:	۲۱	تقطیع:	۱۹x۲۹سم
لوح:	ندارد	جدول:	نیگوں و شنگرفی

TITLE : TUHFAH AL-MOMENIN OR TUHFAH-E HAKIM MOMIN.
AUTHOR : MOHAMMAD MOMIN BIN MOHAMMAD ZAMAN HUSAINI.
SCRIBE : BINI SUHAE MURLI DHAR
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1233 HIJRAH

ابتدا: وبعد بر ناظران حقائق رس مکشوف می دارد۔

خاتمہ، طیورکہ برآں نشیند پائے لیپ کردند۔

ترقیمہ: تمت ہذہ النسخہ تحفۃ المومنین در علم طب بعون ایزد سبحانہ جل شانہ بروز سہ شنبہ یکپاس روز برآمدہ بتاریخ شانزدہم شوال ۱۲۲۲ ہجری النبوی صلی اللہ علیہ وسلم بجلوس شہنشاہ الاعظم ملوک المعظم تاج بخش خاقان شاہ گیتی ستان اکبر شاہ اطال اللہ حشمتہ و شوکتہ کاتب الکتاب اضعف العباد بینی سہائے مربی دھرنار دار کہ اکثر بسر کار والا........ آفتاب مسند وزارت ماہ برج سعادت وزیر الممالک رفعت الدولہ رفیع الملک غازی الدین حیدر خان بہادر شہامت جنگ دام اقبالہ و افعالہ معزز ماندہ و پرورش یافتہ الا ازبرہمی فلک کج رفتار و ناسازی گردش چرخ دوار بعالم بیکاری ملوث گشتہ بتلاش وارد بنارس شدہ بطریق شغل بارقام ایں نسخہ مشتغل گردیدہ در خیر ایام از افضال ایزد متعال ذوالجلال صورت اختتام پذیرفتہ بخدمت خوانندگان و مطالعہ کنندگان چنانست کہ اگر از سہو بشری غلطی لفظ یا حرف بوقوع آمدہ باشد زبان ازعیب نوشت فروکشیدہ باصلاح پردازند بندہ رابدعائے خیر یاد دارند تمت بالخیر تمام شد۔

کیفیت: چند اوراق بین حروف میں قدرے کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ۲۰

۱۳

رسالہ خواص الجواھر

مصنف:	حکیم محمد شریف خاں م ۱۲۲۲ھ / ۱۸۰۷ء	زبان:		فارسی	
کاتب:	مصطفےٰ علی	سال کتابت		۱۲۶۵ھ	
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:		۳	
سطر:	۲۲	تقطیع:		۱۸×۲۶	سم
لوح:	ندارد	جدول:		ندارد	

TITLE : RISALAH KHAWAS AL-JAWAHIR
AUTHOR : HAKIM MOHAMMAD SHARIF KHAN
SCRIBE : MUSTAFA ALI
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1265 HIJRAH

حکیم محمد شریف خان دہلوی اپنے دور کے فاضل و یگانہ روزگار طبیب اور عالم تھے شاہ عالم ثانی کے دور میں شاہی طبیب کے عہدہ پر سرفراز رہے۔ اشرف الحکماء خطاب پایا۔ ان کی تصانیف ہیں عجالہ نافعہ، تالیف شریفی، علاج الامراض،

دستور الفضلا، حاشیہ نفیسی شرح اسباب وغیرہ طبّی وفنی تصانیف ہیں۔

مخطوط جواہرات کی اقسام ان کے طبّی خواص اثرات فوائد و نقصان کی تشریح اور وضاحت پر مشتمل ہے۔

ابتدا: امابعد چنیں گوید مورضعیف حکیم محمد شریف خان۔

خاتمہ: و یک مثقال بودن را برخے شرطی دانند۔

ترقیمہ: تمام شد رسالہ خواص الجواہر من تصنیف حکیم محمد شریف خان بید حاجی مصطفےٰ علی سہوانی بتاریخ شانزدھم شوال ۱۲۶۵ھ

کیفیت: مخطوط افقی سطروں میں لکھا گیا ہے کرم خوردگی سے پاک۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲ / ۱۴

ریاض الادویہ

مصنف:	یوسفی یوسف بن محمد ہراتی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۸۷
سطر:	۱۹	تقطیع:	۲۰×۱۲ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

```
TITLE      :  RIYAZ AL-ADWIYYAH
AUTHOR     :  YUSUF BIN MOHAMMAD YUSUFI
LANGUAGE   :  PERSIAN
```

اس کے علاوہ مصنّف کی ایک اور کتاب جامع الفوائد ہے اس کتاب میں مفرد اور مرکب ادویہ کے نام اور ان کے خواص بہ ترتیب حروف تہجی لکھے ہیں اکثر دواؤں کے ہندی نام بھی لکھے ہیں۔ کتاب ایک مقدمہ دو ابواب اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔

ابتدا: و بعد بر ضمایر صافیہ محجوب نماند

خاتمہ: غیر منسوس بود واگر بہ بندہ واللہ اعلم بالصواب تمام شد۔

کیفیت: کتاب ہمایوں بادشاہ کے دور میں تصنیف کی گئی تاریخ تصنیف اس مصرع سے نکلتی ہے۔

" بنہ صد چہل و شش گشت ایں رسالہ تمام "

۹۴۶ھ اکثر حواشی پر مختلف عبارتیں اور نسخہ جات۔ مخطوطہ میں املاکی کافی غلطیاں ہیں حواشی کرم خوردہ۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۲
۱۵

ریاض الادویہ

مصنف:	یوسفی یوسف بن محمد ہراتی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی جلی	اوراق:	۸۴
سطر:	۱۴	تقطیع:	۲۱ x ۱۵ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : RIYAZ AL-ADWIYYAH
AUTHOR : YUSUF BIN MOHAMMAD YUSUFI
LANGUAGE : PERSIAN

ابتدا: و بعد بر ضمایر صافیہ محجوب نماند

آخر: یقطین را اطلاق کردہ اید بر کدو واللہ اعلم بالصواب۔

ترقیمہ: تمت تمام شد بروز دوشنبہ بوقت سہ پہر تسوید یافت بدست .... کتاب ریاض الادویہ تمام شد۔

کیفیت: حواشی پر نسخے اور اکثر دواؤں کے ہندی نام املا کی بہت زیادہ غلطیاں ہیں۔ مخطوطہ صرف مقدمہ اور باب اوّل تک ہے کسی نے کاتب کا نام اور سال کتابت مٹا دیا ہے۔ بعض اوراق آب خوردہ۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۲
۱۶

علاج الامراض المعروف بہ قرابادین دہلوی

مصنف:	حکیم محمد شریف خان دہلوی م ۱۲۲۲ھ ۱۸۰۷ء	زبان:	فارسی

کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۳۹۶
سطر:	۱۹	تقطیع:	۲۷ x ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : ILAJ AL-AMRAZ ALMARUF BA QARABADIN DEHLAVI
AUTHOR : HAKIM MOHAMMAD SHARIF KHAN
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ حکیم محمد شریف دہلوی المخاطب اشرف الحکماء طبیب شاہی شاہ عالم بادشاہ بھتے۔ کتاب قرابادین اور علاج پر مشتمل ہے۔ یہ ایک مقدمہ اور بیس مقالات پر منقسم ہے اور ہر مقالہ متعدد فصلوں پر۔

ابتدا: امابعد بر جناب کرامت انتساب عارفان کامل

خاتمہ: نمک در آن داخل نسازند۔

ترقیمہ: نقل از قرابادین دہلوی اتمام یافت تمت تمام شد قرابادین دہلوی تحریر فی التاریخ نہم ماہ ذوی الحج سنہ۔

نوشتہ بماند سیہ بر سفید   نویسندہ رانیست فردا امید

کیفیت: تاریخ اتمام تصنیف اس مصرعہ سے واضح ہوتی ہے "تاریخ تمام ہم علاج الامراض" ۱۱۷۵ھ ورق ایک الف کے حاشیہ پر کسی نے یہ عبارت لکھی ہے۔ "موجودہ نسخہ یقینی طور پر مؤلف علام حکیم محمد شریف خان دہلوی المتوفی ۱۲۲۱ھ کی حیات میں کتابت کیا گیا ہے" خاتمہ کے بعد "نقل از قرابادین دہلوی" سے واضح ہوتا ہے کہ کاتب نے مصنف کے مسودہ سے نقل کیا ہے سالِ کتابت کسی نے مٹا دیا ہے متن و حواشی کرم خوردہ۔

الف-۲۰ / ۱۷

قرابادین شفائی

مصنف:	مظفر بن محمد الحسینی الشفائیؒ	زبان:	فارسی
	م ۹۶۳ھ ۱۵۵۵ء		
کاتب:	مصطفیٰ علی	سال کتابت:	۱۲۶۲ھ
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۷۹

سطر: ١٩ تقطیع: ۲۶×١٦ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	QARABADIN SHIFAI
AUTHOR	:	MUZAFFAR BIN MOHAMMAD AL-HUSAINI AL-SHIFAI.
SCRIBE	:	MUSTAFA ALI
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1262 HIJRAH

علم ادویہ سازی و علاج الامراض سے متعلق ایک اہم کتاب ہے۔ ادویہ کے نام حروف تہجی کے اعتبار سے دواؤں کے خواص اور تیار کرنے کی ترکیب۔

ابتدا: بعد حمد و نعت پوشیدہ نماند کہ فقیر مظفر بن محمد الحسینی الشفائی

خاتمہ: شربتے یک مثقال بعد از چہل روز

ترقیمہ: تمت ہذا الکتاب المسمی بقرابادین شفائی بید عبد الضعیف الراجی الی رحمۃ اللہ القوی مصطفیٰ علی ولد منشی عبد الکریم فی سن الف و مائتین . . . . سنۃ "یلوح الخط فی القرطاس دہرا وکاتبہ رمیم فی التراب۔

بمقام مصطفیٰ آباد باتمام رسید۔

کیفیت: حواشی پر بعض نسخوں کے استعمال کی تشریح و وضاحت۔ ترقیمہ میں مائتین کے بعد اکائی اور دھائی کے لفظ پر کسی نے روشنائی پھیر دی ہے لیکن کوشش سے اعداد پڑھے جا سکے اس طرح مخطوطہ کی کتابت ۱۲۶۲ھ ہے۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-٢
١٨

قرابادین شفائی

مصنف: مظفر بن محمد الحسینی الشفائی م ۹۶۳ھ/۱۵۵۵ء زبان: فارسی

کاتب: نامعلوم سالِ کتابت: نامعلوم

خط: نستعلیق اوراق: ١٤٢

سطر: ١٥ تقطیع: ۲۳×١٢ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE : QARABADIN SHIFAI
AUTHOR : MUZAFFAR BIN MOHAMMAD AL-HUSAINI AL-SHIFAI.
LANGUAGE : PERSIAN

ابتدا: بعد حمد و نعت. اما بعد پوشیدہ نماند کہ فقیر مظفر بن محمد الحسینی الشفائی

آخر: عسل صاف بقدر احتیاج بطریق معہود.

کیفیت: مخطوطہ کرم خوردہ. ورق ایک الف پر اوزان طبی منظوم.

حساب وزن کا کرو بیان	سمجھ عقل سیں میری جان	خردل چار دانہ ہے
آٹھ چاول کی رتی بنائی	چار رتی کا دانک پچھان	چار ماشے تانک ہے مان

الف ٢٠/١٩

قرابادین علوی خان

مصنف:	علوی خان میر محمد ہاشم م ۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۳۲۷
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۷ x ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : QARABADIN ALAWI KHAN
AUTHOR : ALAWI KHAN MIR MOHAMMAD HASHIM
LANGUAGE : PERSIAN

علم الادویہ کی ایک اہم کتاب. از ابتدا تا ورق ۵۵ الف اصول دوا سازی، مرکب ادویات کی قوت کارکردگی اور مدت کی وضاحت کہ دواؤں کی افادیت کتنے ماہ و سال قائم رہتی ہے. اس کے علاوہ مصنف کی تین اور کتابیں ہیں جامع الجوامع خلاصۃ التجارب، عشرہ کاملہ.

ابتدا: بداں کہ اختیار کردہ نمی شود بر دوائے مفرد

آخر: تخم تشکاعی باد آورد از ہر یک.

کیفیت: ورق ۵۹ الف پر "نسخہ حکیم علوی خاں نویسانیدہ حکیم احمد اللہ خان مرحوم" برائے اسہال بواسیر نافع است مرقوم شانزدہم ۱۶ ذی قعدہ ۱۲۱۲ھ حکیم مرحوم در قید حیات خود نویسانیدہ بود نقل کہ بر کتاب نویسانیدہ خود کردیم بیست ہفتم ربیع الثانی مبارک عرس جناب مقدس و مطہر ۱۲۲۹ در عصر نواب اعظم جاہ بہادر مد اللہ عمرہ و اقبالہ۔

پہلے ورق پر یہ عبارت "وصول از مولانا مولوی نورالدین صاحب اجمیری ۲۰ جولائی ۲۷ ۱۹ء عبدالحمید۔ یہ مخطوطہ محترم جناب حکیم عبدالحمید صاحب مالک ہمدرد دواخانہ دہلی کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا۔

الف ۲۰
۲۰

قرابادین قادری

مصنف	محمد اکبر بن حاجی محمد مقیم ارزانی م ۱۱۳۰ھ ۔ ۱۷۱۷ء	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۱۴۹
سطر:	۲۸	تقطیع:	۳۰ × ۱۷ سم
لوح:	مطلا و مذہب	جدول:	نیلگوں شنگرفی اور طلائی

```
TITLE      :  QARABADIN
AUTHOR     :  MOHAMMAD AKBAR ARZANI
LANGUAGE   :  PERSIAN
```

علم ادویہ سازی نسخہ جات اور علاج امراض پر مصنف نے عمر کے آخری دور یعنی ۱۱۲۶ھ ۱۷۱۴ء میں یہ کتاب تصنیف کی۔ کتاب ایک مقدمہ ۲۳ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ پہلا باب امراض کی دواؤں اور علاج سے متعلق ہے خاتمہ پر جل جانے سے متعلق دوائیں۔

اس کے علاوہ مصنف کی دوسری کتابیں یہ ہیں (۱) تلخیص طب النبی (۲)، طب اکبر (۳)، مفرح القلوب (۴)، میزان الطب (۵)، شفاق الامراض (۶)، مجربات اکبری۔

ابتدا: بعد حمد و ثنا۔ اما بعد بر رائے حذاقت پیرائے طالبان حرف تحقیق

آخر: مغز ساق گاو روغن۔

کیفیت : مخطوطہ از آخر ناقص کرم خوردگی سے پاک ہے۔ بعض اوراق آب خوردہ۔

الف ۲۰
۲۱

قرابادین قادری

مصنف: محمد اکبر بن حاجی محمد مقیم ارزانی زبان: فارسی

م ۱۱۳۰ھ، ۱۷۱۷ء

کاتب: مفتی عبدالغفور سالِ کتابت: ۱۲۶۹ھ

خط: نستعلیق اوراق: ۴۲۵

سطر: ۱۷ تقطیع: ۱۲x۲۴ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	QARABADIN QADRI
AUTHOR	:	MOHAMMAD AKBAR ARZANI
SCRIBE	:	MUFTI ABDUL GHAFUR
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1269 HIJRAH

آغاز: امابعد برائے حذاقت پیرائے طالبان حرف تحقیق

خاتمہ: ہم بعلل حار سبحان ربک رب العزت عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔

ترقیمہ: تمام شد کتاب قرابادین قادری۔ . . . . . بدستخط فقیر پر تقصیر المسمی بمفتی عبدالغفور خلف مغفرت مرحمت دستگاہ ملا محمد فقیر کہ فی الواقع فقیر بودہ ساکن موضع او تمانزی در موسیزی بالا تو ابع پتہ مہمند از پتہ جات الکائی پشاور کہ حال در محلہ کاندی دیرہ در کوچہ چاہ کالہ الکائی مذکور سکونت دارد در وقت سحر شب پنج شنبہ دویم شہر ربیع الثانی سنہ یک ہزار دو صد و شصت و نہ ہجری محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ واصحابہ برائے نور دیدہ و قرہ باصرہ فرزند دلبند خود کہ مسمی بملا محمود جان است نوشتہ اختتام پذیرفت۔

کیفیت: نقطہ زدہ مقام پر مصنف کے بارے میں تین سطروں میں توصیفی کلمات۔ ترقیمہ کے آخر میں اپنے بیٹے کے لئے دعائیں۔ متن واکثر حواشی وصالی شدہ اور آب خوردہ۔

الف ٢٠
٢٢

قرابادین قادری

مصنف: محمد اکبر بن حاجی محمد مقیم ارزانی | زبان: فارسی

م ١١٣٠ھ ١٧١٧ء

کاتب: رام سروپ چوپڑہ | سال کتابت: ١٨٩٩ء

خط: نستعلیق جلی | اوراق: ٩٧

سطر: ٢٨ | تقطیع: ١٥X٢٨ سم

لوح: ندارد | جدول: نیلگوں

```
TITLE      :  QARABADIN QADRI
AUTHOR     :  MOHAMMAD AKBAR ARZANI
SCRIBE     :  RAM SARUP CHOPRA
LANGUAGE   :  PERSIAN
DATED      :  1899 AD
```

مخطوطہ باب شستم کے آخری تین اوراق سے شروع ہوتا ہے۔

ابتداء: فرزجہ۔ کہ فرج را نرم کند

خاتمہ: بود وہم بعلل حارہ۔

ترقیمہ: تمت تمام شد نسخہ قرابادین قادری من تصنیف محمد اکبر عرف شاہ ارزانی پنجم ماہ پوہ روز شنبہ بوقت صبح ١٨٩٩ء دستخط قدوہ ..... عمدۃ النقلا میان احمد یار ساکن موضع ایمن پور .... بدست خط بندہ دل خستہ رام سروپ چوپڑہ بدعوی شاگرد ایشان فضائل پناہ سرفراز است مرقوم شد ١٨٩٩ء۔

کیفیت: مخطوطہ اچھی حالت میں ہے تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ٢٠
٢٣

قرابادین قادری

مصنف: محمد اکبر حاجی بن محمد مقیم ارزانی | زبان: فارسی

م ١١٣٠ھ، ١٧١٧ء

کاتب: نامعلوم | سال کتابت: نامعلوم

خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۸۷		
سطر:	۱۸	تقطیع:	۲۳ X ۱۲ سم		
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

```
TITLE       :  QARABADIN QADRI
AUTHOR      :  MOHAMMAD AKBAR ARZANI
LANGUAGE    :  PERSIAN
```

ابتدا: مجرب و نافع صعود بخار

آخر: واندک اندک در دهان گیرند۔

کیفیت: ابتدائی و آخری اوراق ندارد۔ مخطوطہ سے قبل چھ اوراق پر مالک کتاب حکیم محمد ضیاء الحق کا اردو انگریزی رسم الخط میں نام۔ چار اوراق پر متعدد نسخہ جات۔ مخطوطہ کے خاتمہ کے بعد دو اوراق پر فرد تقسیم روغن مالش عطیہ میاں احمد اللہ صاحب شاہجہان پوری ،، بچوں کے کسی مرض کے تیل کی تقسیم کا چارٹ۔ نام طفل مریض مع ولدیت وسکونت تاریخ تقسیم وغیرہ۔ کیفیت کے کالم میں صحت ہوگئی یا حال معلوم نہ ہوا۔ ۲۲ مریضوں میں سے ۱۲ کو صحت بقیہ کا حال معلوم نہ ہوا دوسرے ورق پر فہرست مضامی مخطوطہ مرتبہ حکیم ضیاء الحق مالک نسخہ ہذا درج ہے۔

مخطوطہ کرم خوردہ اوراق پر پیوند کاری کی ہوئی۔

الف۔۲۰
۲۴

قرابادین معصومی

مصنف:	معصوم بن عبدالکریم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی جلی	اوراق:	۲۲۱
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۷ X ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

```
TITLE       :  QARABADIN MA'SUMI
AUTHOR      :  MA'SUM BIN ABDUL KARIM
LANGUAGE    :  PERSIAN
```

علم ادویہ مرکبہ پر ایک مفصل کتاب۔ کتاب ایک مقدمہ۔ سات مقالات و خاتمہ پر مشتمل ہے۔ اور مقالات متعدد "فائدہ" پر منقسم ہیں۔

ابتدا: اما بعد بر رائے صواب نما خردمنداں خوردبین

خاتمہ: وترکیب وے تمام گردد۔

کیفیت: کتب خانہ ہمدرد میں موجود فہارس مخطوطات میں مصنف و تصنیف کا نام موجود نہیں۔ کتاب بہت اچھی حالت میں ہے۔ قدرے کرم خوردہ۔ سال تصنیف ۱۰۵۹ھ (۱۶۴۹ء)

الف۔۲۰

۲۵

کتاب الادویہ مفردہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	۱۲۲۲ھ
خط:	نستعلیق	اوراق:	۲۲۱
سطر:	۲۳	تقطیع:	۳۱ × ۱۸ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KITAB AL-ADWIYYAH MUFRADAH
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1222 HIJRAH

مخطوطہ مفرد دواؤں کے نام اور خواص سے متعلق ہے دواؤں کے نام حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیئے ہیں۔ بعض دواؤں کے نام جن پر مد ہے اس کے بجائے دو الف مثلاً اا ملہ۔ اا ردجو۔ ابتدائی تین اوراق ندارد۔

ابتدا: وجہۃ سپرز مفید وقطور روغن

خاتمہ: مرغ بوتیمار است۔

ترقیمہ: قد فرغت من تسوید ہذا الکتاب بعون الملک الوہاب فی شہر ذی حجہ دکان سنۃ الہجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم الف و مائتہ و اثنی عشرین عا ما من جلوس میمنت مانوس وارث خلافت گورگانی .... ثریا بارگاہ محمد اکبر شاہ غازی۔ ...

کیفیت: مخطوط اچھی حالت میں ہے آخری دو اوراق کے حواشی وصالی شدہ۔

الف-۲
۲۶

المرکبات الشاہیہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۱۸۳
سطر:	۲۱	تقطیع:	۲۶×۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : AL-MURAKKABAT AL-SHAHIYYAH
LANGUAGE : ARABIC

علم ادویہ مرکبہ پر مصنف نے کتب قدیمہ اپنے استاد اور والد اور خود اپنے تجربات کے مد نظر نئے نئے مرکبات کا اضافہ کیا ہے کتاب بعہد شاہ طہماسپ صفوی تصنیف ہوئی۔

کتاب ایک مقدمہ پچیس الواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ خاتمہ اوزان وغیرہ کے بارے میں ہے۔

ابتدا: بعد فلما صرفت عمری صغر السن الی الآن۔

آخر: اثنی عشر ادقیۃ و بالاساتیر عشرون۔

کیفیت: حواشی پر بھی شنگرفی حروف میں عنوانات۔ بعض حواشی پر نسخہ جات۔ مخطوط بہت اچھی حالت میں ہے کتب خانے میں موجود فہارس مخطوطات میں مصنف کا سراغ نہ مل سکا۔

امراض ومعالجات

[الف ——— ۳]

الف-۳۰
١

اغراض الطب

مصنّف:	ابوابراہیم اسماعیل الجرجانی م ۵۲۵ھ، ۱۱۳۰ء	زبان:	فارسی
کاتب:	سید بدرشاہ	سال کتابت:	۱۱۹۷ھ
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۶۶
سطر:	۲۲	تقطیع:	۲۴x۱۴سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE	:	AGHRAZ AL-TIBB
AUTHOR	:	ABU IBRAHIM ISMAIL JURJANI
SCRIBE	:	SYED BADR SHAH
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1197 HIJRAH

مصنّف اپنے زمانے کا ایک ماہر طبیب تھا ذخیرۂ خوارزم شاہی اور "خفی علائی" بھی اس کی تصانیف ہیں۔ اغراض الطب ذخیرۂ خوارزم شاہی کا خلاصہ ہے یہ دو حصّوں پر منقسم ہے قسم علمی اور عملی یہ دونوں متعدد ابواب اور ابواب گفتار پر منقسم ہیں۔

ابتدا: بعد حمد و نعت بباید دانست کہ ہر کہ بمجلس بزرگے۔

خاتمہ: و ..... گاہ صلب را زم کند۔

ترقیمہ: تمت بالخیر ہذا الکتاب دوپہر روز دوشنبہ ..... ۱۱ جمادی الثانی ۱۱۹۷ ہجری مقدسہ در بلدہ لاہور اندرون حصار کشمیری دروازہ بدستخط ضعیف شکستہ و دل خستہ سید بدرشاہ ولد سید اعظم شاہ ابن حضرت پیران سید محمد حیات مشہدی رضوی برائے تعلیم برخوردار نورِ چشم سید قلندر شاہ کہ خدا نصیبش کند ... من اغراض الطب۔

کیفیت: اکثر حواشی و متن کرم خوردہ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے۔

الف-۳
۲

اکسیر اعظم

مصنف:	عبدالعزیز بن احمد بن حامد ملتانی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۲۸۰
سطر:	۲۹	تقطیع:	۱۶x۲۸ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : IKSIR-E AZAM
AUTHOR : ABDUL AZIZ BIN AHMAD BIN HAMID MULTANI.
LANGUAGE : ARABIC

مقدمہ کتاب میں مصنف نے جن مذہبی اور طبی کتابوں سے استفادہ کیا ہے ان کا ذکر ان میں قرآن پاک صحاح ستہ، قانون ابن سینا معالجات البقراطیہ، شفاء الاسقام، خضر بن علی، الطب الاکبر حکیم ارزانی، الاختیارات فرشتہ، رسالہ ذکریا رازی، قرابادین دہلوی حکیم شریف خان اور ان کے علاوہ دیگر طبی کتب۔ مخطوط کا سال تصنیف ۳۰، ۱۲۲۹ھ (۱۴/۱۸۱۳ء) ہے۔

مقدمہ کے بعد اصول و کلیات طب سے متعلق مختلف عنوانات اور تشریحات اس کے بعد امراض و معالجات کی بحث۔ ہر عنوان بسم اللہ الرحمان الرحیم سے شروع کیا ہے۔ خواہ چند سطروں ہی پر کیوں نہ مشتمل ہو۔ اجنہ کے وجود اور سحر کے برحق ہونے پر قرآن سے دلائل دیئے ہیں۔ آخری باب طبی اوزان پر مشتمل ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ اما بعد فیقول المعتصم باللہ الواحد عبدالعزیز

خاتمہ: وکان اکثر تالیفہ فی السنۃ التاسعۃ والعشرین والثلاثین بعد الف ومائتین من ہجرۃ النبویۃ

ترقیمہ: تمت تمام شد۔

کیفیت: پشت ورق پر کسی نے اپنے بیٹے کی پیدائش کا زائچہ تحریر کیا ہے اور رمل و جفر کے ذریعہ بارش کی پیشین گوئی وغیرہ۔ مخطوط نہایت اچھی حالت میں ہے۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ۳۰
۲

تالیفات حکیم ممتاز الدین بدایونی

مصنف:	حکیم ممتاز الدین بدایونی	زبان:	اردو
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نیم شکستہ	اوراق:	۵۶
سطر:	۲۲	تقطیع:	۳۰ x ۲۳ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TALIFAT-E HAKIM MUMTAZUDDIN BADAYUNI.
AUTHOR : HAKIM MUMTAZUDDIN BADAYUNI
LANGUAGE : URDU

مصنف نے یہ کتاب فارسی میں تصنیف کی تھی مترجم لقاء اللہ بدایونی نے ابتدائی چند سطروں میں وضاحت کی ہے کہ اس زمانہ میں عربی اور فارسی کا چلن مفقود ہوتا جا رہا ہے اس لئے میں نے اس کتاب کا ترجمہ کیا تاکہ طلباء فائدہ حاصل کر سکیں۔

ابتداء: بعد حمد و نعت کے لقاء اللہ بدایونی

آخر: غذا اور کم پانی پینا بالعموم نفع دہ ہیں۔

کیفیت: مخطوطہ آخری ورق ۶ ب کے نصف تک کاتب نے لکھا ہے اس کے بعد خسرو آبادی موضع للئ ضلع بدایون بابت سال ۱۲۷۲ ف اس کے بعد اس گاؤں کے بیلوں اور بلوں کی تعداد۔

تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف ۳۰
۱/۳-۴

تجربات حکیم خلیفہ رحمت اللہ مارہروی

مصنف:	خلیفہ رحمت اللہ مارہروی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۱۸۹
سطر:	۱۸	تقطیع:	۲۷ x ۱۹ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	TAJRIBAT-E HAKIM KHALIFAH RAHMATULLAH MAREHRAVI.
AUTHOR	:	KHALIFAH RAHMATULLAH MAREHRAVI
LANGUAGE	:	PERSIAN

مصنف نے معالجات کے سلسلے میں اپنے مجربات قلم بند کئے ہیں، جملہ امراض سے متعلق جو دوائیں اور نسخے استعمال کرائے انہیں کا مجموعہ۔ مخطوطہ کسی خاص ترتیب سے مرتب نہیں ہے۔

ابتدا: اندر صاف کردن گندھک در ظرف گلین

خاتمہ: و دیگر اعضا۔ بدوای داء الفیل زائل گردد واللہ اعلم تمام شد۔

کیفیت: ابتدا میں دس اوراق اور آخر میں چار اوراق پر متعدد نسخہ جات تعویذات و نقش وغیرہ تقریباً تمام حواشی پر بھی نسخہ جات۔

ضخامت کی وجہ سے مخطوطہ دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۲
۵

تذکرۃ الکحالین

مصنف: عیسیٰ بن علی الکحال زبان: فارسی
متوفی مابعد ۴۰۰ھ، ۱۰۱۰ء

کاتب: نامعلوم سال کتابت: نامعلوم

خط: نسخ نفیس خفی اوراق: ۲۳

سطر: ۱۷ تقطیع: ۱۲×۱۹ سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

TITLE	:	TAZKERAH AL-KAHHALIN
AUTHOR	:	ISA BIN ALI AL-KAHHAL
LANGUAGE	:	PERSIAN

مصنف سرمہ سازی اور علاج امراض چشم کا ایک ماہر اور مشہور طبیب تھا۔ علاج امراض چشم پر اس کی یہ مشہور کتاب ہے۔ کتاب تین مقالات پر مشتمل ہے، پہلا مقالہ آنکھ کی تعریف اس کی تشریح اور افعال سے متعلق ہے۔ دوسرا مقالہ آنکھوں کے خارجی اور تیسرا داخلی امراض سے متعلق ہے۔ مخطوطہ میں حاشیوں پر آنکھوں کی تصویریں بنا کر امراض کی نشاندہی کی ہے۔ مترجم فارسی نے مقدمہ میں اپنا نام ظاہر نہیں کیا ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ بدانکہ ایں کتابیست کہ عیسی بن علی الکحال۔

آخر: وپس ایں مدت پدید آید . . . .

کیفیت: مخطوطہ مقالہ دوم کے ۲۶ ویں باب آنکھ میں پانی اترنے سے متعلق چند سطروں پر ختم ہو جاتا ہے۔ ورق ایک الف پر مختلف تحریریں۔ متن و حواشی کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف - ۳ / ۶ ترویح الارواح من علل الاشباح

مصنف:	لطف اللہ المصری	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی نفیس	اوراق:	۳۰۱
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۴×۱۶سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TARWIH AL-ARWAH MIN ILAL AL-ASHBAH.
AUTHOR : LUTFULLAH AL-MISRI
LANGUAGE : ARABIC

کتاب ایک مقدمہ بیس قول اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ موضوع کے مطابق ہر قول متعدد تعلیم پر مشتمل ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت۔ فلما فرغت من تنمیق شرح تلویح۔

آخر: والکحل احیانا بما یحلو العین۔

کیفیت: مخطوطہ صرف القول الثانی فی احوال العین پر نامکمل ختم ہو جاتا ہے۔ حواشی وصالی شدہ کرم خوردگی سے

پاک تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۳
۷

ترویح الارواح من علل الاشباح

مصنف:	لطف اللہ المصری	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی نفیس	اوراق:	۱۳۲
سطر:	۱۷	تقطیع:	۲۷ x ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : TARWIH AL-ARWAH MIN ILAL AL-ASHBAH.
AUTHOR : LUTFULLAH AL-MISRI
LANGUAGE : ARABIC

مخطوطہ "التعلیم الثانی فیما یتعلق بالاذن" تعلیم اوّل کے آخری دو صفحات کے بعد شروع ہوتا ہے۔ کاتب نے آخری ورق پر صرف تین سطریں لکھ کر ختم کر دیا ہے۔

ابتدا: ان ینضم علیھا اجفانھا وربما ذھب البصر۔

آخر: ببعض المراہم الملتحمۃ ان یتکامل الصلاح وقد رایت۔

کیفیت: حواشی وصالی شدہ

الف-۳
۸

جامع الفوائد یا طب یوسفی

مصنف:	محمد بن یوسف یوسفی م سنہ ۹۵۰ھ ۱۵۴۳ء	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	۱۱۶۶ھ
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۵۴
سطر:	۱۵	تقطیع:	۲۰ x ۱۳ سم

لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

TITLE : JAMI' AL-FAWAID OR TIBB-E YUSUFI
AUTHOR : MOHAMMAD BIN YUSUF YUSUFI
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1166 HIJRAH

مصنف نے اپنی تصنیف علاج الامراض کی رباعیات کی تشریح و وضاحت کی ہے، فوائدِ یوسفی کے نام سے بھی یہ کتاب طبع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ مصنف کی دوسری طبی کتب فوائد اخیار، ریاض الادویہ اور علاج الامراض منظوم بھی ہیں۔

ابتدا: امابعد چنیں گوید بندہ ضعیف و کمینہ نحیف

خاتمہ: و غذا اگر گوشیر گاو خورند نافع باشد انشاء اللہ تعالیٰ۔

ترقیمہ: باتمام و باختتام انجامید تسوید ایں بیاض و ترشیح ایں ریاض بروز سہ شنبہ ماہ جمادی الاول سنہ یک ہزار و یک صد و شصت و شش ز ہجرت نبوی تمام شد نسخہ طب یوسفی بتاریخ یازدہم جماد الاول از جلوس احمد شاہ بہادر موافق ۱۱۶۶ھ تحریر یافت۔

کیفیت: حواشی پر عبارتیں قدرے کرم خوردہ۔

الف-۳
۹

جامع الفوائد یا طب یوسفی

مصنف:	محمد بن یوسف یوسفی	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	۱۲۵۰
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۷۱
سطر:	۱۶	تقطیع:	۲۲×۱۲سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : JAMI' AL-FAWAID OR TIBB-E YUSUFI
AUTHOR : MOHAMMAD BIN YUSUF YUSUFI
LANGUAGE : PERSIAN

ابتدا: و بعد چنیں گوید بندہ ضعیف و کمینہ نحیف

خاتمہ، وغذا اگو بہ شیر گاو کنند نافع باشد ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترقیمہ، تمت تمام شد کتاب جامع الفوائد المسمی بہ طب یوسفی بتاریخ بست ویکم ماہ رجب ۱۲۵۰ھ روز ہفتہ تمم۔

کیفیت، حاشی اور درمیان میں اکثر اوراق کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

۳۰۱

جامع الفوائد یا طب یوسفی

مصنف، محمد بن یوسف ہروی یوسفی — زبان، فارسی

متوفی سنہ ۹۵۰ھ، ۱۵۴۳ء

کاتب،	نامعلوم	سالِ کتابت،	نامعلوم
خط،	نستعلیق جلی نفیس	اوراق،	۱۲۸
سطر،	۱۰	تقطیع،	۱۵½ × ۹ سم
لوح:	ندارد	جدول،	ندارد

TITLE : JAMI' AL-FAWAID OR TIBB-E YUSUFI
AUTHOR : MOHAMMAD BIN YUSUF YUSUFI
LANGUAGE : PERSIAN

نسخہ چہارم۔ اوّل و آخر ناقص

ابتدا: الی یوم الدین چنیں گوید بندہ ضعیف کینہ۔

آخر: بقدر حاجت بگیرند و بگویند

کیفیت، کتابت وخط و تزئین کے لحاظ سے تمام نسخوں میں سب سے بہتر ہے۔ صفحات زرافشانی۔ قدرے کرم خوردہ۔

۳۰۱/۶۴

جامع الفوائد یا طب یوسفی

مصنف، یوسفی — زبان: فارسی

کاتب:	غلام محمد	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۶۲
سطر:	۱۳	تقطیع:	۲۳ x ۱۳ سم
لوح:	نیگوں وشنگرفی	جدول:	نیگوں وشنگرفی

TITLE : JAMI' AL-FAWAID OR TIBB-E YUSUFI
AUTHOR : YUSUFI
SCRIBE : GHULAM MOHAMMAD
LANGUAGE : PERSIAN

ابتدا: بعد حمد ونعت چنیں گوید بندۂ ضعیف کمینہ نحیف

خاتمہ: وغذا، گربہ شیر گاو خورند انشاء اللہ تعالیٰ شفا یابد۔

ترقیمہ: تم تمام شد نسخہ تصنیف کتاب یوسفی بعون اللہ تعالیٰ دست خط حقیر پر تقصیر غلام محمد ساکن ... تحریر یافت۔

کیفیت: اوراق کے عدد ۲۰ ورق تک ناگری میں، اس کے مقابل عربی اعداد، دہائی اور صفر اکائی کے بائیں جانب لکھا ہے۔ ۲۰ کو ۰۲۔ مخطوط کرم خوردہ۔

ط ۳۰ / ۶۵

جامع الفوائد یا طب یوسفی

مصنف:	یوسفی	زبان:	فارسی
کاتب:	شیخ عبدالودود عرف مکھو	سالِ کتابت:	۱۲۴۴ھ
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۲۲
سطر:	۱۲	تقطیع:	۱۹ x ۱۴.۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : JAMI' AL-FAWAID OR TIBB-E YUSUFI
AUTHOR : YUSUFI
SCRIBE : SHAIKH ABDUL WADUD URF MAKHOO
LANGUAGE : PERSIAN

ابتدا: بعد حمد ونعت چنیں گوید بندۂ ضعیف

خاتمہ، نافع باشد انشاء اللہ تعالیٰ۔

ترقیمہ، تم یعنی تمام نسخہ طب یوسفی تمت تمام شد کار من نظام شد کاتب ہو شیخ عبدالودود عرف لکھو تمام شدن در شہر ذی قعدہ بتاریخ بیست ہفتم روز چہارشنبہ در شہر الور تمام کند برائے خاطر شیخ فضل علی بن شیر علی تمام شد ۱۲۴۴ھ سنہ ۱۸ سمت۔

کیفیت: مخطوطہ کرم خوردہ۔ آخری دو صفحات پر چند نسخہ جات۔ بعض بعض حواشی پر تشریحات وار دو ترجمہ۔

الف ۳۰
۱۰

جواہر المفردات

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی		
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم		
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۷۵		
سطر:	۲۱	تقطیع:	۱۷×۱۲ سم		
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

TITLE : JAWAHIR AL-MUFRADAT
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ مفرد ادویہ ان کے خواص وغیرہ سے بہ تشریح ذیل متعلق ہے۔ ہر صفحہ نو کالموں پر منقسم ہے اوّل اسماء ادویہ، دوم اسماء مشہورہ، سوم مختار الادویہ، چہارم امزجہ ادویہ، پنجم اشربہ ادویہ، ششم منافع الادویہ، ہفتم مضرات، ہشتم مصلحات، نہم ابدال امراض وعلاج۔ ان دواؤں کے اثرات کی وضاحت کی ہے۔

دواؤں کے نام اور ہندی معنی بہ ترتیب حروف تہجی۔ آملج آملہ۔ آس۔ موڑیوں۔

ابتدا: بعد حمد ونعت اما بعد فہٰذا فن من فنون الطب۔

خاتمہ: ذہب خالص۔

کیفیت، صرف مقدمہ عربی میں ہے۔ آخری پانچ صفحات سادہ ہیں۔ مخطوطہ نہایت اچھی حالت میں ہے۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۳۰
۱۲

چراغ العلاج

مصنف:	حکیم الہ دین	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق نفیس	اوراق:	۱۹۸
سطر:	۱۵	تقطیع:	۲۰ x ۱۲ سم
لوح:	ندارد	جدول:	نیگوں و شنگرفی

TITLE : CHIRAGH AL-ILAJ
AUTHOR : HAKIM ALLAHDIN
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ پانچ فن پر مشتمل ہے، ہر فن چند باب اور ہر باب متعدد فصلوں پر۔ مخطوطہ صرف پہلے ہی فن پر تمام ہو جاتا ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت اما بعد چند مسائل طبیہ کہ اختصار آں۔

آخر: نیز بپرہیز د تمام شد فن اول ایں کتاب۔

کیفیت: اوراق کے حواشی وصالی شدہ۔

الف-۳۰
۱۱

الحاوی فی التداوی

مصنف:	محمود بن ضیاء الدین الشیرازی م ۷۳۰ھ / ۱۳۲۹ء	زبان:	عربی
کاتب:	حسن ابن علی	سالِ کتابت:	۹۳۹ھ
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۲۸۹
سطر:	۲۱	تقطیع:	۲۴ x ۱۴ سم
لوح:	مطلا و مذہب	جدول:	نیگوں سیاہ اور طلائی

TITLE	:	AL-HAWI FI AL-TADAWI
AUTHOR	:	MAHMUD BIN ZIAUDDIN AL-SHIRAZI
SCRIBE	:	HASAN IBN ALI
LANGUAGE	:	ARABIC
DATED	:	939 HIJRAH

مصنف وجہ تصنیف بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ میرے دوستوں اور قدر دانوں نے مجھ سے فرمائش اور اصرار کیا کہ میں ایک ایسی کتاب تصنیف کروں کہ جس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جاسکے، میں نے اس کتاب کی ترتیب میں اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ علاج معالجہ کے سلسلے میں ایسے نسخے ترتیب دوں جن کی دوائیں آسانی سے عوام کو دستیاب ہوسکیں۔

کتاب پانچ مقالات اور ہر مقالہ متعدد ابواب پر مشتمل ہے پہلا مقالہ العلل الحادثہ من الراس اور آخری فی ذکر الادویہ المرکب پر مشتمل ہے۔

اس کتاب کے علاوہ مصنف کی دیگر تصانیف (۱) شرح الفصول البقراط (۲) الاغذیہ والاشربہ (۳) اسرار النکاح (۴) التشریح ہیں۔

ابتدا: بعد حمد ونعت امابعد فلا یخفی علی رای ذوی العقل۔

خاتمہ: ینبغی لممقورا ان توکل بالا بازیر۔

ترقیمہ: تم الکتاب بعون الملک المعین الوہاب علی ید العبد الفقیر المذنب الضعیف المقصر المعترف بالتقصیر الراجی رحمۃ رب الکریم العفو الغفور الہادی حسن ابن علی ابن محمود العمادی فی تاریخ یوم الاثنین من خامس عشر فی شہر رجب سنۃ تسع وثلثین وتسعماۃ من الہجرۃ النبویۃ علیہ الصلوۃ والسلام بمکۃ المشرفۃ المعظمۃ زادہا اللہ شریفا وتعظیما والحمد للہ وحدہ۔

کیفیت: نہایت نفیس خط نستعلیق خفی، لوح نہایت نفیس دوسرے ورق ب تا ورق گیارہ الف فہرست مضامین خط نسخ جلی میں۔ حواشی اکثر مقامات پر کرم خوردہ اور وصالی شدہ۔ آخری صفحہ پہ ایک مربع مہر "احمد رضا خان ۱۲۹۶ھ" مہر کے اوپر یہ تحریر "مہر کتب عبدہ العاصی" اس صفحہ پہ ایک نسخہ عربی زبان میں۔

الف-۳
۱۲

حدود الامراض

مصنف: محمد اکبر ابن حاجی محمد مقیم ارزانی زبان: عربی

م ۱۱۳۰ھ سنہ ۱۷۱۸ء

کاتب: غلام رسول سالِ کتابت: ۱۲۳۲ھ

خط: نستعلیق جلی اوراق: ۵۵

سطر: ۱۷ تقطیع: ۱۲x۲۴سم

لوح: ندارد جدول: ندارد

```
TITLE     : HUDUD AL-AMRAZ
AUTHOR    : MOHAMMAD AKBAR ARZANI
SCRIBE    : GHULAM RASUL
LANGUAGE  : ARABIC
DATED     : 1232  HIJRAH
```

حکیم محمد اکبر ارزانی نے یہ کتاب شرح الاسباب والعلامات کے بعد تصنیف کی ہے، اکثر معلوم امراض کے نام بہ ترتیب حروفِ تہجی ان کی تشریح اور اسباب و علامات بیان کیا ہے۔ اس کے علاوہ مصنف کی دوسری تصانیف یہ ہیں۔ طب اکبری۔ خیر التجارب، مجربات اکبری۔ قرابادین قادری۔ شرح الاسباب والعلامات اور میزان الطب۔

ابتدا: بعد حمد و نعت امابعد فیقول العبد الاحقر محمد اکبر

خاتمہ: کمار تحقیقہ بالورد یخ۔

ترقیمہ: قد وقع الفراغ من تسوید ہذہ النسخۃ المسمی بحدود الامراض بید الضعیف العاجز المضطر فی الامور النفسانیہ غلام رسول فی یوم الاثنین تحریرا ۱۲۳۲ ہجری المقدس مطی اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولسائر المومنین والمومنات برحمتک یا ارحم الراحمین۔

کیفیت: مخطوطہ شروع سے پہلے تین اوراق۔ پہلے ورق پر "عاجز عبد الحمید وزیر آبادی ۱۲۴۸ھ" دوسرے ورق پر اسی مالکِ کتاب نے عربی دعائیہ اشعار نقل کئے ہیں۔ اس کے نیچے اپنا نام تاریخ و سنہ ۲۹ ربیع الاول مطابق ۲۹/۹/۴ عیسوی مخطوطہ نہایت اچھی حالت میں ہے۔

الف-۳
۱۴

حدود الامراض

مصنف:	محمد اکبر ابن حاجی محمد مقیم ارزانی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۳۴
سطر:	۱۲	تقطیع:	۲۶×۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : HUDUD AL-AMRAZ
AUTHOR : MOHAMMAD AKBAR ARZANI
LANGUAGE : ARABIC

کیفیت: کاتب نے حاشیہ پر بھی عنوانات لکھے ہیں۔ مخطوطہ صرف حرف السین مع اللام تک ہے۔ حواشی قدرے کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۳
۱۵

حدود الامراض

مصنف:	محمد اکبر ابن حاجی محمد مقیم ارزانی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی	اوراق:	۴۳
سطر:	۱۵	تقطیع:	۲۲×۱۴ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : HUDUD AL-AMRAZ
AUTHOR : MOHAMMAD AKBAR ARZANI
LANGUAGE : ARABIC

ابتدا: باب الالف الاخذة با الهمزة الممدودة۔

خاتمہ: بالورديخ كما رالحقيقة...۔

کیفیت: ابتدائی اوراق ندارد۔ حواشی کرم خوردہ اور وصالی شدہ۔ تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف۳۰
───
۱۶

خلاصہ بینائی

مصنف:	بینا ابن حسن حکیم	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق	اوراق:	"
سطر:	۲۴	تقطیع:	۲۶ x ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KHULASAH BINAI
AUTHOR : HAKIM BINA IBN HASAN
LANGUAGE : PERSIAN

مصنف نے اپنے والد اور دیگر مشاہیر اطباء وقت سے تحصیل علم کے بعد یہ کتاب ۹۹۶ھ ۱۵۸۸ء میں برائے افادہ عوام تصنیف کی مخطوطہ ۸، فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اول در بیان ..... فصل ہشتادو ہضم فی المتفرقات۔

ابتدا: بعد حمد و نعت اما بعد چنیں می گوید خادم اہلِ طب بینا

خاتمہ: داز جملہ داروھای خوب است واللہ اعلم بالصواب تمت تم تم تم۔

کیفیت: اکثر امراض کے ہندی نام بھی لکھے ہیں۔ حواشی پر جا بجا نسخہ جات و تشریح الفاظ درج ہے کرم خوردہ و آب خوردہ تجلیدِ نو کے وقت اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف۳۰
───
۱۷

خلاصۃ الکفایہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی

کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نیم شکستہ	اوراق:	۷۳
سطر:	۱۲	تقطیع:	۱۸ × ۱۴ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KHULASAH AL-KIFAYAH
LANGUAGE : PERSIAN

مصنّف نے ابتدا میں مخطوطہ کے مقالات وابواب کی تقسیم کا کوئی ذکر نہیں کیا، آخری مقالہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب چار مقالات پر منقسم ہے اور مقالات متعدد ابواب اور فصلوں پر۔

ابتدا: بعد حمد ونعت باب اوّل درامراض سر و دماغ۔

خاتمہ: دکمر سنہ ضماد کنند و شراب صرف بیاشامند فقط۔

ترقیمہ: تمام شد نسخہ خلاصۃ الکفایہ تم تم تمام شد۔

کیفیت: ورق ایک الف حاشیہ پر یہ الفاظ پڑھے جا سکے "منتخب معا... سمی علاج الغر...... بدستخط نام حاء محمو صاحب" اس کے نیچے "شرح یوسفی" اس کے نیچے "خلاصۃ الکفایہ" قدرے کرم خوردہ آخر میں تین اوراق پر نسخہ از مجربات حکیم علوی خان وا وزان طبّی درج ہے۔

د-۳۰
———
۶۶

خیر التجارب

مصنّف:	خیراندیش خاں	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط	نیم شکستہ	اوراق:	۱۰۲
سطر:	۱۶	تقطیع:	۲۹ × ۱۹ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : KHAIR AL-TAJARIB
AUTHOR : KHAIR ANDESH KHAN
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ ایک مقدمہ۔ تین مقالات پر مشتمل ہے۔ اور مقالات متعدد ابواب اور فصلوں پر۔

ابتدا: معطر ترین کلامے کہ مشام عقل ودانش۔

اختتام: حماہائے کبیر سہ مثقال است حقہ۔

کیفیت: کاتب نے "حقہ" لکھ کر ختم کر دیا ہے۔ طویل حمد و نعت کے بعد مصنف نے لکھا ہے کہ شہر اٹاوہ میں میں نے ایک مکان تعمیر کیا اور اس کا نام دارالشفا رکھا اکثر کامل اطبا و مثلاً حکیم عبدالرزاق نیشاپوری، حکیم عبدالمجید صفاہانی، مرزا محمد علی نجارانی، حکیم محمد عاقل اور حکیم محمد اعظم حکماء یونانی اور کنول نین، سکھانند مصران ہندی یہ تمام اصحاب میرے قدیم رفقا میں ہیں، ہم سب نے یہ فیصلہ کیا کہ اچھی اور سستی دوائیں عوام اور غربا و مساکین کے لیے مہیا کی جائیں ان کے علاج معالجہ اور دارالشفاء میں ان کے قیام اور غذا وغیرہ کا بہترین انتظام کیا جائے۔ آگے چل کر مصنف نے لکھا ہے کہ دیگر نسخہ جات کے علاوہ میرے تجربہ میں جن جن امراض کی دوائیں آئیں اپنے رفقاء کے مشورے سے یکجا کر کے یہ نسخۂ طب (خیر التجارب) تیار کیا، تاکہ آئندہ نسل کو ہمیشہ فائدہ پہنچتا رہے۔ سال تصنیف ۱۰۹۵ھ مطابق جلوس اورنگ زیب عالمگیر ۲۷ھ (۱۶۸۴ء)

جا بجا حواشی پر تحریر۔ ابتدا میں تین اوراق پر اور آخر میں چار اوراق پر مختلف نسخہ جات۔ قدرے کرم خوردہ۔

د-۳۰
۹۷

خیر التجارب

مصنف:	خیر اندیش خاں		زبان:		فارسی
کاتب:	شیخ نظام الدین ابن شیخ محمد واصل انصاری		سالِ کتابت:		نامعلوم
خط:	نستعلیق معمولی		اوراق:		۱۲۳
سطر:	۱۷		تقطیع:		۱۹x۱۳ سم
لوح:	ندارد		جدول:		ندارد

TITLE	:	KHAIR AL-TAJARIB
AUTHOR	:	KHAIR ANDESH KHAN
SCRIBE	:	SHAIKH NIZAMUDDIN
LANGUAGE	:	PERSIAN

مخطوطہ اصل کتاب کے مقالہ دوم در معالجات پر مشتمل ہے۔ مقالہ تیئس الواب پر مشتمل ہے جو اطریفل اور متفرق امراض مثلاً تپ، امراضِ چشم، نسخہ جات حلوا و روغنیات سے متعلق ہے۔

ابتدا: باب اوّل در امراضِ سر

خاتمہ: شربت دو درم یعنی ہفت ماشہ است۔

ترقیمہ: تمت تمام کتاب خیر التجارب برائے خاطر داشت میاں محمد منعم چنو تحریر یافت در موضع چبوترہ رقیمہ شیخ نظام ابن شیخ محمود اصل انصاری ساکن جوراسے اگر خطائے یا سہوے رفتہ باشد بذیل کرم بہ پوشند تم تمام شد بوقت یک پاس روز شنبہ تمام شد۔

کیفیت: ورق اوّل الف اور پانچ آخری اوراق پر نسخہ جات۔ جا بجا حواشی پر بھی۔ ورق ۱۵ ب پر نصف مہر جو مٹائی ہوئی۔ ورق ۱۶ الف پر ایک بڑی گول مہر نامکمل نیچے کی سطر "چہ غم دارم کہ پیری من .... سرہ" اسی ورق کے حاشیہ پر کسی نے سنہ ۱۰۱۰ھ لکھا ہے۔ حواشی کرم خوردہ، درمیان میں اوراق آب خوردہ۔

تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

۲-ا
―――
۱۰

خیر التجارب

مصنف:	خیر اندیش خاں	زبان:	فارسی
کاتب:	عبدالکریم	سالِ کتابت:	۱۲۷۵ھ مطابق ۱۸۵۹ء
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۹۱
سطر:	۱۳	تقطیع:	۲۵ × ۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE	:	KHAIR AL-TAJARIB
AUTHOR	:	KHAIR ANDESH KHAN
SCRIBE	:	ABDUL KARIM
LANGUAGE	:	PERSIAN
DATED	:	1275 HIJRAH

مخطوط مقالہ دوم در معالجات پر مشتمل ہے۔

ابتدا: کتاب خیر التجارب از مجربات خیر اندیش خاں۔

خاتمہ: دہ درم یعنی ہفت ماشہ است واللہ اعلم والحکیم۔

ترقیمہ: تمام شد کتاب خیر التجارب حسب الارشاد مخدوم معظم جناب مسٹر طامس ہدلی صاحب بمقام الور بتاریخ شانزدہم ذی الحجہ ۱۲۷۵ ہجری مطابق ۱۰ ماہ جولائی ۱۸۶۹ء عبد الکریم عفی عنہ کتبہ دستخط۔

کیفیت: آب خوردہ و کرم خوردہ۔ کاتب نے ۱۲۷۵ھ مطابق ۱۸۶۹ء لکھا ہے۔ ۱۲۷۵ھ مطابق ۱۸۵۹ء ہے۔

الف-۳
۱۸

دستور علاج یا اکسیر اعظم

مصنف:	اعظم محمد خان	زبان:	فارسی
کاتب:	نامعلوم	سال کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق	اوراق:	۶۹۴ + ۳۹
سطر:	۲۱	تقطیع:	۲۲ x ۱۴ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : DASTUR-E ILAJ OR IKSIR-E A'ZAM
AUTHOR : MOHAMMAD AZAM KHAN
LANGUAGE : PERSIAN

مخطوطہ "قانون" عنوان کے تحت منقسم ہے، قانون متعدد فصلوں پر، قانون اول در امراض سر تا قانون بستم در امراض مثانہ۔

ابتدا: قانون اول در امراض سر مشتمل بر چند فصول۔

آخر: اصل السوس سہ درم انجیر....

کیفیت: از اول و آخر ناقص حواشی پر بھی سیاہ روشنائی سے عنوانات جا بجا تشریحات و نسخہ جات صفحات پر سیکڑہ کے اعداد یوں لکھے ہیں ۶۰۰ ۵۰۰ ۹۴ ۶۰۰ قدرے کرم خوردہ۔ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۳
۱۹

دستور العمل

مصنف:	حکیم عبدالفتاح	زبان:	فارسی
کاتب:	شاہ سید محی الدین	سالِ کتابت:	۱۲۵۵ھ
خط:	نستعلیق جلی نفیس	اوراق:	۲۳۱
سطر:	۱۱	تقطیع:	۲۳x۱۶ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : DASTUR AL-'AMAL
AUTHOR : HAKIM ABDUL FATTAH
SCRIBE : SHAH SYED MOHIUDDIN
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1255 HIJRAH

مخطوطہ بلا ابواب وفصول ہے امراض کے ناموں میں بھی ترتیب نہیں ہے اصول معالجات سے متعلق اپنے دادا اور استاد حکیم میر محمد تقی الحسنی کے خط کا اقتباس دیا ہے۔

ابتدا: جمیع امراض بلغمی کہ سدہ لازم آنست

خاتمہ: تا مزہ خود را باز دھد نیم گرم بنوشند۔

ترقیمہ: کاتب الحروف فقیر حقیر سراپا تقصیر شاہ سید محی الدین عرف لالہ میاں بن شاہ سید شمس الدین عرف قطب صاحب ساکن حیدرآباد فرخندہ بنیاد تحریر فی التاریخ ۲۸ شوال ۱۲۵۵ ہجری روز شنبہ وقت عصر تمام شد برائے خاطر فیض بخش فیض رسان کہ اسم معروف غلام سادات عرف سدا میاں ولد سید ...... الدین۔

کیفیت: حواشی وصالی شدہ تجلید نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

الف-۳
۲۰

رسالہ جدری والحصبۃ

مصنف:	درویش علی	زبان:	عربی
کاتب:	نامعلوم	سالِ کتابت:	نامعلوم
خط:	نستعلیق خفی نفیس	اوراق:	۱۹

سطر:	۲۵	تقطیع:	۲۱ × ۱۱ سم		
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد		

TITLE : RISALAH JUDRI WA AL-HASBAH
AUTHOR : DARWAISH ALI
LANGUAGE : ARABIC

مصنف نے چیچک اور خسرہ سے متعلق کتاب ترتیب دی ہے۔ چیچک و خسرہ پھیلنے کے اسباب اس سے محفوظ رہنے اور معالجات کی تفصیلات۔

مصنف نے ابتدا میں حکیم معز علی بن احمد کریم اور علاء الدولہ احمد المطبب التبریزی سے اپنے استفادہ کا بھی ذکر کیا ہے عبارت سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ ان کی زندگی ہی میں یہ کتاب تصنیف کی ہے۔

ابتدا: بعد حمد و نعت لما اشتغل الفقیر الغریب درویش علی الطبیب

خاتمہ: العرق والبحران والیہ . . . .

ترقیمہ: تمام شد جلد اول۔

کیفیت: تجلیدِ نو کے بعد اوراق باریک کاغذ کے درمیان میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

الف-۳۰
۲۱

رسالہ در امراض مختلفہ

مصنف:	نامعلوم	زبان:	فارسی
کاتب:	محمد قطب الدین	سال کتابت:	۱۸۷۷ء
خط:	نستعلیق جلی	اوراق:	۱۴
سطر:	۹	تقطیع:	۱۹ × ۰ سم
لوح:	ندارد	جدول:	ندارد

TITLE : RISALAH DAR AMRAZ-E MUKHTALIFAH.
SCRIBE : MOHAMMAD QUTBUDDIN
LANGUAGE : PERSIAN
DATED : 1877 AD

مخطوطہ امراض وعلاج سے متعلق ہے۔

